A man whilst fasting must abstain from all bad expressions, and not even resent an injury.

VISITING THE SICK

Feed the hungry, visit the sick and free the captive.

Short-sitting and little noise when visiting an invalid is a part of Sunnat.

Whoso visits the sick, a proclaimer proclaims from heaven, May you be happy, may your walking be pleasant and may you be accommodated in a house of Paradise!

There is not any Muslim who visiteth another in sickness, in the forenoon, but that seventy thousand angels send blessings upon him till the evening; and there is no one who visiteth the sick, in the afternoon, but that seventy thousand angels send blessings upon him till daybreak, and there will be pardon for him in Paradise.

Feed the hungry and visit the sick, and free the captive, if he be unjustly confined. Assist any person oppressed, whether Muslim or non-Muslim.



Whoever visiteth a sick person, an angel calleth from heaven, "Be happy in the world, and happy be your walking, and take you a habitation in Paradise.".

Whoever visiteth a sick person always entereth into and swims in a sea of mercy until he sitteth down; and when he sitteth, he is drowned therein.

Graduation Ceremony At Completion of Islamic Summer School

Toronto: The Second Islamic Summer School, lasting for four weeks, came to a successful conclusion on July 28, 78, in which about 150 students, Muslim boys and girls ranging in age from 6 to 15 years participated.

The boys and girls bracketted in age groups of 6-8, 9-10, 11-12 and 13 and upwards had ten volunteer teachers at hand to teach them such subjects as the Quran and Hadith, Islamic way of life, Islamic system of life, Arabic and Prayers and physical education. Classes were held at West Park Secondary School located at 1515 Bloor Street West and commenced at 9 a.m. in the morning.

TRANSPORTATION FACILITIES

Three separate buses were hired to pick children up at various designated points in the city. Parents were asked to get their children to designated points along the bus routes in the East, West and Downtown. While the service could not be provided door to door, it was a three-fold improvement upon last year and as such resulted in doubling of student attendance this year to 150. The cost of transportation alone was about $4,000.

PRESENTATION CEREMONY

On Saturday July 29, 78, at 2.00 p.m. children, parents and members of the community were invited to the presentation of certificates and awards upon the successful conclusion of the 4-week course, which was, again, one week's extention upon last year's programme.

In welcoming parents, children and other interested members of the community Br. Qutbi Al-Mahdi, the Imam at Jami Mosque and Principal of the Summer school said, "In four weeks we cannot teach these children everything about Islam but we can provide them an opportunity to live in an Islamic environment, associate themselves with the Mosque, to be imbibed with the spirit of Islam and make friends with fellow Muslim children".

To ensure continuity of education, every child's achievement is carefully recorded so that teaching can commence from that point onwards next year. Also an Islamic Board of Education has been established who would be preparing and taking educational courses next year as well. In concluding his remarks, Br. Qutbi emphasised that "we would not only like to see the continuation of an Islamic Summer school but a full-time Islamic school in Toronto and later other parts of Canada. Already Islamic classes have started in North York. Inshallah, with the help and cooperation of parents and concerned members of the community Islamic classes in other parts of Toronto would also be started.".

CHILDREN'S CONTRIBUTION

During the programme, children delivered speeches on such diverse topics as the Ka'aba, The Qur'an, How to be a good Muslim, Mohammed the Prophet of Islam, what is Islam and Ways and Means of Improving Islamic Community. A critical review of the curriculum and weaknesses in the course was presented by sister Naheed Khan. There was also a play about the conversion of Hazrat Abu Bakr as well as some Islamic songs.

Prizes were presented by Dr. Muhammad Jinnah, Chairman of the Board of Trustees at the Jami Mosque, to several children for good essays, speeches or both.

At the completion of the programme, tea with sweets, cookies and cake etc. were served to children as well as all other members of the community.

Youth Forum

CONTEST

The *Crescent Youth Forum* invites any young readers (10-18 yrs. of age)to write a short essay about a funny or embarrassing situation that happened to them.

The best essay will be printed in the Youth Forum and a prize will be awarded to the writer.

Rules of this contest are as follows:

1. The essay must be written by a person in the designated age group.
2. The essay must be original and legible.
3. For 10-12 yrs. old, minimum words 150, 13-15 yrs. minimum words 200, 16-18 yrs. minimum words 300.

Deadline for this contest is September 30, 1978. To enter, send your essay to:

CRESCENT ESSAY CONTEST
338 HOLLYBERRY TRAIL
WILLOWDALE, ONT.
CANADA M2H 2P6

BHUTTO RIGGED VOTE, REPORT SAYS

Islamabad — Former Pakistan Prime Minister Zulfikar Ali Bhutto was behind a master plan to rig last year's general election, the military leadership which deposed him, charged yesterday.

A Government report said Mr. Bhutto prepared a plan for fixing the election a year before the poll. It involved mobilizing district administrations in support of his Pakistan People's Party, the document said.

The plan was reinforced on the day of the election, the report alleged. "It appears at that time certain instructions went out which resulted in large-scale rigging," it said.

Mr. Bhutto, who spent five and a half years in power as president and then prime minister, is in jail facing a death sentence passed by the Lahore high court for ordering a political murder nearly four years ago. He is appealing the sentence.

He now faces possible charges of election rigging He appeared before a special court last March, but the case was adjourned before he was formally charged.

The Government report, which contained more than 1,000 pages of documents, contained detailed allegations that Mr. Bhutto rigged the March election in which his

party was returned with an overwhelming majority.

It alleged widespread intrigue to subjugate the independent election commission, subvert the civil service and police, and mobilize Government departments to ensure his victory.

Allegations of electoral fraud led to a prolonged anti-Government campaign by the opposition. In four months more than 350 people were killed in street battles before the army chief, Gen. Mohammad Zia ul-Haq, seized power to restore order.

PCCB Abolished — New Committee Established

The Pakistan Cricket Control Board has been abolished following the desastrous tour of England by the Pakistan team. A new three man committee has been formed with retired Major General Azhar and Javed Burki, the former Captain, as its members.

It is anticipated that players who had signed for the Packer series will now be included in Pakistan Cricket team.

MILITRY TAKE-OVER IN MAURATANIA

The military, under its chief of staff Lt. Col. Mustafa Ould Salek has taken over the administration of Mauratania fom Mukhtarul-Daddah, President of the country for 18 years since independece.

The takeover came on Monday July 10, 78 in what was described as a "peaceful Coup". Mukhtar-ul-Daddah is under house arrest.

Lt. Col. Mustafa Salek has assured the Saudi ambassador in his countr that Mauratania will honour all international agrements and commitments of the former regime.

Matrimonial

A non-immigrant Pakistani girl seeking marriage partner, B.A., age 23 years. Excellent family background. Only prospective candidates may reply:

G.A., C/O Crescent
Phone: 1-833-5895

A young South African gent, qualified as a clothing designer, wishes to marry a Canadian Muslim lady. Please reply to:

Y. Moolla
3480 Havenwood Dr.,
Apt. #512
Mississauga, Ont.

Introduce Crescent to a Friend

فلم

پیشکش : ہفت روزہ نگار کراچی

ہماری فلموں کے چند

جیتے کردار

تحریر : اکبر علی

ہیرو

اس کا سن کبھی بھی بائیس سے تجاوز نہیں کرتا۔ اس کے ہونٹوں کی لپ اسٹک اور آنکھوں کا سرمہ کوئی ایسی چیز نہیں جو چھلنی نظروں کو نظر آ سکیں۔ چاہے وہ کتنے غصے کے عالم میں ہو مسکرانا کبھی نہیں بھولتا۔

اس کے بال کا بچھا ہونا اشد ضروری ہے۔

[illegible]

ولن

[illegible]

سائیڈ ہیرو

[illegible]

ہیروئن

[illegible]

کامیڈین

جس طرح بعض لوگ کھانے کے ساتھ چٹنی کا استعمال ضروری خیال کرتے ہیں اسی طرح ہماری فلموں میں مسخرے کا وجود ناگزیر ہے۔ اس کی وضع قطع عام طور ضرورت سے زیادہ مضحکہ خیز ہوتی ہے چھوٹے چھوٹے مزاح کی بجائے حماقت کے زور سے لوگوں کو ہنسانے کی کوشش کرتا ہے۔ مکالمے بولتے وقت ہاتھوں اور بازوؤں کو گھمانا اور بیٹھے بیٹھے دھا بیک قلابازی لگانا اس کی خاص عادت ہے اس کو یقین ہے کہ لوگ ان حرکتوں سے محظوظ ہوں گے اس کا ایک تکیہ کلام بھی ہوتا ہے جس کے استعمال پر اسے خاص قدرت حاصل ہوتی ہے چہرے کو بگاڑنے میں بڑی فرحت محسوس کرتا ہے۔

باپ

اس کا جسم اور چہرہ جوان مگر سر اور مونچھوں کے بال

ہوتا ہے مگر بعد میں اپنی شرافت کا ہاتھ دھو بیٹھتا ہے پر فوراً عبرت پکڑ لیتا ہے کیونکہ ہیرو کے ہاتھوں مارا جاتا ہے۔

سفید ہوتے ہیں وہ دل کا مریض ہوتا ہے اور تماش بین کے دورے کا باعث بنتا ہے۔ ابتدا میں ہیروئن کی محبت کا مخالف ہوتا ہے مگر آخر میں راہ راست پر آ جاتا ہے اور ان کی شادی کرنے اور کافی عرصہ تک پند و نصائح کرنے کے بعد فوت ہو جاتا ہے۔

ماں

اس کی عادات اور خصائل بھی بڑی حد تک باپ سے مشابہ ہوتے ہیں اس کا اکثر وقت رونے دھونے اور کراہنے میں صرف ہوتا ہے فلم میں مسخرے کے بعد اس سے زیادہ اکتا دینے والا کردار کوئی اور نہیں ہوتا۔

سہیلیاں

بہت سی خوش شکل حوریں اگر آپ کو ایک ساتھ نظر آ جائیں تو فوراً سمجھ لیجئے یہ ہیروئن کی سہیلیاں ہیں یہ خالی گھڑے اٹھا کر ہیروئن کے ساتھ پنگھٹ پر جاتی ہیں اور وہاں نہایت بیہودگی اور واہیات اداؤں سے اسے چھیڑتی ہیں اور اس کے سر سے سر ملا کر ناچتی اور گاتی ہیں۔

[illegible]

اداکارہ بابرہ شریف کے لئے

[illegible]

[illegible]

The new minimum wage rates

یکم اگست ۱۹۷۸ء سے قلیل ترین اُجرت کی نئی شرح لاگو ہو جائے گی۔ نئی شرح حسبِ ذیل ہے :

	Effective **August 1, 1978
General hourly rate	$ 2.85
Learner, hourly rate	2.75
Construction and Guards at construction sites, hourly rate	3.15
*Hourly rate for persons employed to serve liquor in licensed premises	2.50
*Student, hourly rate	2.15
Ambulance Drivers and Helpers, Weekly Rate	136.80
Hunting or Fishing Guides less than 5 consecutive hours	12.50
5 or more hours whether or not consecutive	25.00
*Room and Board The following maximum rates apply when room and board are included in calculating the minimum wage:	
Room, weekly	11.00
Meals, each	1.15
weekly	24.00
Room and Meals, weekly	35.00

*no change from previous rate
**The entire work week in which August 1 falls

نئی قلیل ترین اُجرت کی شرح اور ایمپلائمنٹ اسٹینڈرڈ ایکٹ کے بارے میں مزید معلومات حاصل کرنے کے لیے ذیل میں درج پتے پر لکھیئے یا فون کیجیے :

Employment Standards Branch
Ontario Ministry of Labour
400 University Avenue
Toronto, Ontario
M7A 1T7
(416) 965-5251

Ontario Ministry of Labour
Employment Standards Branch
Hon. Bette Stephenson, M.D., Minister

مختصر مختصر اشتہارات

ضرورتِ رشتہ

ایک قبول صورت مسلمان، پاکستانی امیگرنٹ بی۔اے لڑکی عمر ۲۲ سال کے لیے کسی اچھے گھرانے کے مسلمان، تعلیم یافتہ برسرِ روزگار لڑکے کا رشتہ درکار ہے۔ خواہشمند حضرات مندرجہ ذیل پتے پر خط لکھیں یا ٹیلی فون کریں :

MISS G.A.
C/O CRESCENT OR
PHONE: 1+833-5895

●

ایک پاکستانی پی۔ایچ۔ڈی کے طالب علم کے لیے امیگرنٹ لڑکی کا رشتہ درکار ہے۔ ۲۵ سالہ لڑکے کا تعلق اچھے خاندان سے ہے۔ تفصیلات کے لیے رجوع کریں :

SAIGOL
P.O. BOX 71072
PITTSBURGH,
PA. 15213
USA
PHONE: 412-687-2585

●

کینیڈا میں مقیم ایک امیگرنٹ مسلم تعلیم یافتہ برسرِ روزگار لڑکے کے لیے کینیڈا یا امریکہ میں کسی شریف گھرانے کی خوبصورت اور پڑھی لکھی لڑکی کا رشتہ درکار ہے۔ خواہشمند حضرات پہلے ہی خط میں مکمل تفصیل معہ ٹیلی فون نمبر تحریر فرمائیں۔

P.O. BOX 394, STN."T"
TORONTO, ONT.
CANADA M6B 4A3

●

برائے فروخت

موسیقی کی مندرجہ ذیل ٹیپس بہترین آواز میں برائے فروخت ہیں :
۲۰ عدد اردو ٹیپ "۷"
۳ عدد اردو ٹیپ "۵"
۳ عدد انگریزی ٹیپ "۷"
۴ عدد انگریزی ٹیپ "۵"
ان میں تقریباً ایک ہزار سے زائد گانے ہیں۔ مزید معلومات کے لیے فون کیجیے :
(416) 636-2512

(مختصر اشتہارات کا معاوضہ صرف ۵ ڈالر ہے۔ جو پیشگی ادا کرنا ضروری ہے)

شادی خانہ آبادی

دنیا کے کسی بھی ملک مثلاً انڈیا، پاکستان، بنگلہ دیش، سری لنکا، امریکہ، شمالی امریکہ، افریقہ اور مڈل ایسٹ وغیرہ میں جہاں بھی ہندوستانی اور پاکستانی آباد ہیں۔ شادی کے لئے ہماری خدمات حاصل کریں۔
تفصیل کے لئے ہمارے کسی بھی دفتر کو اپنا مکمل پتہ اور جوابی لفافہ معہ ٹکٹ ارسال فرمائیں۔

INTERNATIONAL MARRIAGE SERVICE (REGD)
Head Office
P.O. BOX 951, STATION "A"
SCARBOROUGH (TORONTO)
ONTARIO, CANADA M1K 5E4

طنز و مزاح

چٹکیاں

اقبال یونس خان (ٹورانٹو)

حال ہی میں چند روسی شہریوں کے خلاف روسی حکومت نے، روسی قوانین کی خلاف ورزی کرنے پر مقدمہ چلا دیا۔ ان شہریوں پر جاسوسی کا الزام تھا۔ مقدمہ کی کارروائی مکمل ہونے پر عدالت نے ان لوگوں کو مجرم قرار دیا اور طویل لمبی قید کی سزائیں سنا دیں۔ یہ روسی شہری یہودی ہیں۔

مقدمہ شروع ہونے سے پہلے ہی ساری دنیا کے اخبارات، ریڈیو اور ٹی۔وی پر روس کے خلاف پروپیگنڈے کی مہم چل گئی۔ دنیا کے سارے بڑے اخبارات، رسالے، خبر رساں ایجنسیاں، ٹی۔وی اور ریڈیو اسٹیشن سبھی پر یہودی سرمایہ کا قبضہ ہے۔ مغربی جرنلسٹوں میں بھی یہودی نمایاں درجہ رکھتے ہیں۔ مثال کے طور پر عیسائیت کا دارالسلطنت روم ہے۔ وہاں سے موسولینی دور میں یہودیوں کو مار مار کر نکال دیا گیا تھا لیکن اس کے باوجود وہاں پر آج جو سب سے اہم جرنلسٹ اور ٹی۔وی پر سیاسی تبصرہ کرنے والا ہے اس کا نام ہے ARRIGO LEVI - یہ یہودی وہاں کے بہت بڑے اخبار LA STAMPA کا ایڈیٹر بھی ہے۔ جو سچ اور جھوٹ یہ لکھ دے، اٹلی کے باشندے اس کو آخری لفظ سمجھتے ہیں۔

شمالی آئرلینڈ میں یہودی سرمایہ سے ایک کمپنی ہے۔ اس کا کام یہ ہے کہ جو ملک یا پارٹی اس کمپنی کو بڑی رقم ادا کرے یہ اُن کی مرضی کے مطابق خبریں اور مضامین تیار کر کے خبر رساں ایجنسیوں کو چھپا کرتی ہے۔ کونگو کے "شومبے" کے حق میں خبریں اسی کمپنی میں تیار کی جاتی تھیں۔ BIAFRA - کے حق میں بھی سارے مضامین اسی ایجنسی میں تیار کر کے اخبارات اور رسالوں کو تقسیم کیے جاتے تھے۔

اسرائیل کے حق میں جب بھی کوئی مہم چلتی ہے تو اس کمپنی کا اس میں بڑا ہاتھ ہوتا ہے۔ اس طرح یہودیوں کا پیسہ اور قلم دنیا کے بڑے حصوں پر چھایا ہوا ہے۔

چونکہ یہ روسی شہری، یہودی تھے اور روس کے خلاف جاسوسی میں پکڑے گئے تھے۔ اس لیے ساری دنیا میں ان کے مقدمے کے خلاف بڑی مہم شروع کی گئی۔ یہودیوں نے کوؤں کی طرح "کاؤں، کاؤں" کر کے کان پھوڑ دیے۔ پچھلے دو تین ہفتوں میں آپ نے بھی اخبارات میں اس مقدمے کے بارے میں پڑھا ہوگا۔ ریڈیو اور ٹی۔وی پر بھی سنا اور دیکھا ہوگا۔ دنیا کے مختلف شہروں میں یہودیوں کی طرف سے کیے ہوئے مظاہروں کے بارے میں پڑھا یا ٹی۔وی پر دیکھا ہوگا۔ صدر کارٹر جو یہودی ووٹ کی خاطر "انسانی حقوق" کا نعرہ لگاتے رہتے ہیں، انھوں نے بھی اس مقدمے کے خلاف بیانات دے ڈالے۔

اس ایک مقدمے ہی کی بات نہیں ہے جب کبھی اور کہیں بھی یہودی کے خلاف کوئی بات ہو جائے، ساری دنیا کے اخبارات لے دے مچا دیتے ہیں۔ نازیوں نے یہودیوں کو ہلاک کیا۔ کتنی ہی فلمیں تو بنوا ڈالیں یہودیوں نے۔ اگر فلسطینیوں نے ایک یہودی مارا تو یہودیوں نے سو بے گناہ عربوں کو مار دیا۔ لبنان پر حملہ کر کے جانیں لیں اور مال لوٹا اور گاؤں کو توڑ پھوڑ کر برابر کر دیا۔

دنیا کے ہر اخبار میں یہودی شہری اسرائیل اور یہودیوں کی موافقت میں خط لکھتے رہتے ہیں۔ یہودی سرمایہ فلمیں بنواتا ہے اور رسالوں میں اسرائیل کے حق میں مضامین چھپواتا ہے۔ سستے داموں پر اسرائیل کے ٹور لگوائے جاتے ہیں اور ان ٹورسٹوں پر دباؤ ڈالا جاتا ہے کہ اپنے اپنے ممالک واپس جا کر اخبارات میں اسرائیل کی موافقت میں خط لکھیں۔ غرض ہر میدان میں، ہر سطح پر یہودی اسرائیل اور یہودیوں کی موافقت میں شور ہنگامہ مچائے رہتے ہیں۔

ہمیں یہودیوں سے کوئی بغض نہیں ہے۔ یہ اہل کتاب ہیں۔ صرف اس رشتہ کی مناسبت سے ہم ان کو ایک برادرانہ مشورہ دینا چاہتے ہیں۔ جس طرح اسلام نے صبر اور تحمل کی تعلیم دی۔ حضرت موسیٰ نے بھی تو یہی کیا تھا۔ اس لیے اے یہودیو! مسلمانوں سے صبر اور تحمل کا سبق حاصل کرو!

حال ہی کی بات ہے کہ برما نے بزدلانہ مسلمانوں کو ان کا مال اور ان کی آبرو لوٹنے کے بعد ملک بدر کر دیا۔ جو جانیں بچا کر بنگلہ دیش پہنچے ان کو بزدلی سے بنگلہ دیش نے خوش آمدید کیا۔ اس خبر کے بعد سعودی عرب نے خاموشی اختیار کر لی۔ پاکستان بھی چپ رہا۔ مصر، مراکش، تیونس، ایران، عراق۔۔۔ (فہرست لمبی ہے) ان تمام مسلم ممالک نے اس لیے خاموشی اختیار کر لی کہ وہ مذہبی اصولوں کو سمجھتے اور ان کی پرواہ کرتے ہیں۔ یہی حالت مسلمان عوام کی بھی ہے۔ کتنے مسلمانوں نے برما کی حکومت کو احتجاجی خط لکھے؟ کتنے "مسلمان" اخبارات اور رسالوں نے ان مظالم کی تفصیل دی اور مضامین چھاپے؟

جب لبنان پر اسرائیل نے بلاوجہ حملہ کر دیا۔ محض داداگری کی خاطر تو کتنے مسلم ممالک نے احتجاج کیا؟ کتنے مظاہرے ہوئے؟ کتنے اخبار اور رسالوں نے اس غنڈہ گردی کے خلاف مضامین لکھے؟ کتنے مسلمانوں نے یو۔این۔او کو خط لکھے؟ اس کو کہتے ہیں **صبر و تحمل**۔۔!

اگر ترکی میں زلزلہ آتا ہے، ہزاروں لوگ بے گھر ہو جاتے ہیں تو سعودی عربیہ، ایران اور لیبیا کے بے تحاشہ پیسے سے ان مصیبت زدگان کی مدد نہیں کی جاتی بلکہ WAR ON WANT کے ہوائی جہاز دوائیں لیے بارہ گھنٹوں کے اندر اندر وہاں مدد کے لیے پہنچ جاتے ہیں۔ CHARITAS INTERNATIONAL کے ہوائی جہاز، کمبل اور دودھ وغیرہ کے ٹن لے کر دوڑ پڑتے ہیں تو دوسرے مسلمان ترکی کی مدد کے لیے کیوں نہیں دوڑتے؟ انھیں بھی ترکی کے مسلمانوں سے محبت ہے تو پھر؟ وجہ اس کی سیدھی سادی ہے۔ یہودی اللہ سے نہیں ڈرتا۔ مگر مسلمان پاک پروردگار کے حکم کے آگے سر خم رکھتا ہے۔ اگر ترکی میں زلزلہ آیا تو یہ کس کے حکم سے؟ صرف اور صرف خدا کے۔ اگر خدا نے بطور سزا یہ مصیبت نازل کی تو اس کے خلاف مدد کے لیے دوڑنا، خدا کی نافرمانی کے برابر ہوگا۔

مسلمانوں کے پاس آج جتنا پیسہ ہے کسی کے پاس نہیں۔ عرب چاہے تو پورے نیویارک، پیرس اور لندن کو کیش دے کر خرید لے۔ اگر چاہے تو بڑے بڑے رسالے لندن، پیرس، روم اور نیویارک سے جاری کر کے اسرائیلی پروپیگنڈے کی کاٹ کرے۔ مگر ایسا کرنا مذہب کے اصولوں کے خلاف ہوگا۔ اگر آج اسرائیل کا ستارہ اونچا ہے تو یہ کس کے حکم سے ہے۔؟ خدا کے۔ اس لیے اس کی مرضی کے خلاف کام کرنا، خدا سے بغاوت کے برابر ہوگا۔

آج کا یہودی اور عیسائی ایک اور غلطی پر کاربند ہے۔ یہودیوں کے ہاں کوئی بادشاہ ایک عرصے سے ہے ہی نہیں۔ اور عیسائیوں نے اپنے اپنے بادشاہوں کے بازو توڑ رکھے ہیں۔ آج اتنے عیسائی بادشاہ اور ملکائیں ہیں مگر ان میں سے ایک بھی شاہ خالد کی طرح سفید و سیاہ کا مالک نہیں۔ اگر اسپین کے بادشاہ JUAN CARLOS کو ایک جزیرے کے خریدنے کا شوق چرانا ہے تو وہ بغیر حکومت کی اجازت کے نہیں خرید سکتے۔ لیکن اگر شاہ خالد ذاتی استعمال کے لیے دنیا کے سب سے قیمتی اور آرام دہ ہوائی جہاز کو خریدنا چاہتے ہیں تو بس ان کا خواہش ظاہر کر دینا ہی کافی ہوتا ہے۔ ایران کے ہر شہر میں، "چھوٹے یا بڑے کی بات نہیں"، ہر شہر میں شہنشاہ نے شرعی تواہنے پر عمل کرتے ہوئے اپنے بت پتھر کے بنوا کر لگوانے کا فیصلہ کیا۔ بس کروڑوں کے خرچ پر لگ گئے وہ بت۔! ہے اتنی طاقت ملکہ برطانیہ کو۔ بھٹو پاکستان کا وزیر اعظم تھا۔ ایک قلم کے جھٹکے سے ہزاروں سرکاری ملازمین کو برطرف کر کے "اپنے" لوگوں کو نوکری پر مامور کر دیتا تھا۔ ہے اتنی طاقت سویڈن کے بادشاہ کو۔۔؟

تو عزیز اسرائیلی دوستو اور عیسائیو! کچھ ہم مسلمانوں سے سیکھو۔ سبق حاصل کرو اور اس دنیا اور آخرت میں اونچا مقام حاصل کرو۔

پھر نہ کہنا ہمیں خبر نہ ہوئی!

آپ کو معلوم نہیں؟

اس سال ٹورانٹو کے تمام ثانیہ مدارس کے طلباء کو اپنی زبان سیکھنے کا موقعہ دیا جا رہا ہے۔
اس پروگرام کی کامیابی دارومدار والدین کی دلچسپی پر ہے۔
پچھلے سال کئی امیگرنٹ بچوں نے مدارس میں اپنی زبان سیکھی۔
پنجابی، بنگالی، گجراتی، ہندی، چینی، پولش، اسپانش۔۔۔۔
پھر ہمارے بچے "اردو" سے کیوں محروم رہیں؟
آئیے انھیں اپنی مادری زبان پر فخر کرنے کا موقعہ دیں!

محفل شعر و سخن

(اشعار بہ اعتبارِ عنوان)

آنسو

آج آنسو تم نے پونچھے ہی تو کیا
یہ تو اپنا عمر بھر کا کام ہے —— جلیل مانکپوری

تیری آنکھوں سے یہ آنسو کا ڈھلکنا توبہ
میں نے گرتی ہوئی کونین کی قیمت دیکھی —— نامعلوم

دیکھ سکتا ہے بھلا کون یہ پیارے آنسو
میری آنکھوں میں نہ آجائیں تمہارے آنسو —— اختر شیرانی

تیری محفل سے اُٹھتے وقت نکلی آہ سینے سے
نکل آتے اگر آنسو تو جل کر خاک نہ ہوتے —— مہوش جے پوری

دل کے اکثر فسانہ ہائے جمیل
آنسوؤں میں سنائے جاتے ہیں —— علی اختر اختر

دل شکستہ ہوں نکل آتے ہیں اکثر آنسو
مے ٹپک پڑتی ہے ٹوٹے ہوئے پیمانے سے —— بیدل عظیم آبادی

وادی بہ وادی

حبیب الرحمٰن
(راچسٹر۔ مشی گن)

میں کسی سینے پہ سورج کی طرح سر رکھ دوں
جب وہ ہنگامِ غروب
کوہساروں پہ ڈھلک جاتا ہے
تم چناروں کی شفق
میں گپھاؤں میں نہاں
میری آواز صنوبر کے درختوں کا دھواں

آنکھوں سے، ہونٹوں سے، الفاظ سے خاموشی سے
کربِ ادراک سے، دیوارِ فراموشی سے
میں نے پیمانِ وفا باندھا ہے
شہد ہو، زہر ہو —— ہر چیز گوارا ہے مجھے
پھول بن جاؤ، بکھر جاؤ —— تمہیں چن لوں گا

رات کی سلوٹیں سڑکوں کے چمکتے ہوئے داغ

جھیل پر تیرتے پھرتے ہیں فریبوں کے کنول

اور یہ شہرِ جمال
گرد آلود دریچوں کے محل
صرف یادوں کے سراغ

بہنوں کی محفل

افسانہ

سلیم صدیقی (نیویارک)

سُرخ گُلاب

جب سے گھر [illegible] کی چوکی د[illegible] جنگ کا نقشہ صحیح طور پر پایا۔ بچوں نے گھر میں ادھم مچا رکھا تھا۔ صوفے کے کشن ادھر ادھر پڑے تھے۔ ہر قسم کے کھلونوں کا ایک انبار لگا ہوا تھا۔ جا بجا کھانے کی چیزیں بکھری پڑی تھیں۔ بچوں کے ابو جان بڑے سکون اور انہماک سے ٹی۔وی پر باسکٹ بال میچ دیکھ رہے تھے اور چھوٹو منو ایک دوسرے سے جھگڑ جھپٹ رہے تھے۔ چیخ رہے تھے۔ ایک قیامت بپا تھی۔ اتنی محنت سے صاف کیے ہوئے کمرے کا یہ حال دیکھ کر جی چاہا کہ اپنے بال نوچ ڈالوں۔ مگر صبر کے گھونٹ پی کر مسکرا کر بچوں کے سامنے اعلان کیا کہ "امی آ گئی ہیں بیٹے"۔

یہ کوئی نئی بات نہ تھی جب بھی میں پینٹنگ سیکھنے ہفتے میں ایک بار ۲ گھنٹے کی کلاس کے لیے جاتی تو واپسی پر گھر کا یہی نقشہ ہوتا۔ اس لیے میں نے خود کو ذہنی تربیت دے رکھی تھی تاکہ اس منظر کی تاب لا سکوں۔

میں نے اپنے گیلے رنگوں والے کینوس کو احتیاط سے الماری کے سب سے اوپر کے خانے میں رکھ کر سکھ کا سانس لیا اور اس کے بعد گھر کی صفائی میں جٹ گئی۔ دل ہی دل میں خود کو کوسنے لگی۔ بیٹھ کر آرٹ جیسے شوق کا خمیازہ بھگتو۔ گھر [illegible] پر جو سواگت ہوتا ہے اس سے بہتر یہی ہے کہ نہ جایا کرو۔ مگر پھر بھی میں اپنے اس ازلی شوق کے ہاتھوں مجبور تھی۔ کالج کے زمانے سے ہی فائن آرٹس کی حسرت رہی تھی مگر جب مجھے معلوم ہوا تھا کہ رنگوں کی ایک ٹیوب پندرہ پندرہ روپے کی آتی ہے تو گھر میں ذکر کرنا بھی مناسب نہ سمجھا۔ بیچارے والدین کو آٹھ بچوں کو تعلیم دلوانی تھی اور اسی احساس کی وجہ سے میں نے دوسرے سبجیکٹ اور شریفانہ قسم کے مضامین لے لیے تھے۔ یہ بات بھی واضح تھی کہ فائن آرٹس کی

[illegible] اور اپنے ڈیپارٹمنٹ کو کوئی متبرک جگہ خیال کرتی تھیں یا شاید یہ سب میرے ذہن میں تھا کیونکہ میں خود بھی فائن آرٹس نہیں لے سکی تھی۔ ویسے کلاس سسٹم کا شکار تو سارا معاشرہ ہے ظاہر ہے کہ کالج بھی اس سے خالی نہیں تھا۔

"چھناک" کی آواز آئی۔ میں نے جلدی سے کچن میں جا کر دیکھا۔ کوکا کولا کا گلاس ٹوٹا پڑا تھا۔ سفید سفید جھاگ والا سوڈا فرش پر مختلف شکلیں بنا رہا تھا۔ بچے شیشہ ٹوٹ جانے سے کچھ چونک گئے۔ میں جانے کیوں غصے سے بے قابو ہو گئی اور اپنے پانچ سالہ جونو کے ایک تھپڑ جڑ دیا اور منو کو کھینچ کر فرش سے پرے قالین پر کھڑا کر دیا۔ بچے سہم کر رونے لگے۔ اسی لمحے ٹیلیویژن پر کھیلی جانے والی باسکٹ بال کی ٹیم میں شور اٹھا۔ شاید کوئی جیت گیا تھا۔ ایسے میں میرا دل چاہا خود رونے بیٹھ جاؤں۔ مگر شیشے کے ٹکڑے اٹھانے تھے۔ گرے ہوئے سوڈے کی صفائی کرنا تھی۔

چند گھنٹوں بعد جب میں سارا کام نپٹا کر فارغ ہوئی تو مجھے بڑی ندامت محسوس ہوئی ایک جرم افسوس ہونے لگا۔ میں نے اتنی سی بات پر اپنے چھوٹے سے بیٹے کو کیوں مارا۔ کیا ہوا اگر ایک گلاس ٹوٹ گیا۔ یہ تو کوئی بڑی بات نہیں تھی۔ مجھے تو اچھی طرح پتہ تھا کیونکہ میں اپنے سارے بہن بھائیوں میں سب سے زیادہ CLUMSY تھی۔ مجھ سے تو ہر وقت برتن ٹوٹا کرتے تھے۔ اسی لمحے مجھے اپنے امی ابا شدت سے یاد آ گئے۔ جب بھی مجھ سے کوئی چیز ٹوٹتی وہ ہنس کر ٹال دیتے۔ بلکہ یہ ایک قسم کا شغل بن گیا تھا۔ ادھر کوئی برتن ٹوٹا مجھ سے اور ادھر سب نے ہنسنا شروع کر دیا۔ اور میں یوں محسوس کرتی جیسے مجھ سے برتن ٹوٹنا ایک آٹومیٹک سا عمل ہے۔ اس میں میرا کوئی قصور نہیں اور نہ ہی خفت محسوس کرنے کی ضرورت ہے۔ اور اب جب میں اپنی کم تعلیم یافتہ پرانی نسل کی ماں سے اپنا تجزیہ کرتی ہوں تو وہ مجھ سے کہیں بہتر معلوم ہوتی ہیں۔ میں تو اپنے آپ کو بہت انڈرسٹینڈنگ، ایجوکیٹڈ، سوفسٹیکیٹڈ اور تعلیم یافتہ ماں سمجھتی ہوں تو پھر مجھے اپنے بچے کا گلاس توڑ دینا اتنا ناگوار کیوں گزرا کہ میں نے اسے طمانچہ لگا دیا۔ شاید مجھ میں TENSION زیادہ ہے۔ جہاں ہم ملک سے باہر رہنے والوں کی یہی کیفیت رہتی ہے۔ اپنوں سے دور تنہا بچے پالتے ہیں۔ گھر کا کام، باہر کا کام خود ہی سب کچھ کرتے ہیں۔ اب میں ساری صورت حال کو RATIONALISE کر رہی ہوں۔ لیکن کیا میری پیاری والدہ کی امی کو کوئی TENSION نہیں تھا۔ پانچ بچوں کی پرورش اور تعلیم و تربیت کیا ان کے لیے مسئلہ نہیں تھا۔ مجھے یاد ہے کہ جہاں قوس و قزح کی طرح خوبصورت دن میں نے اپنے والدین کے گھر میں دیکھے تھے وہیں کبھی کبھی سرمئی دھند بھرے دن بھی ضرور آتے تھے۔ لیکن مجھے نسبتاً بہتر ماں ہونا چاہیے کیونکہ میرے پاس

زیادہ سکھ اور "خود" علم اور وسعت نظر ہے۔ ہاں جو چیز نہیں وہ برداشت اور تجربہ ہے۔

اب یہ بھی نہیں کہ میں امی سے اپنا مقابلہ کرتی ہوں بلکہ سچ بات تو یہ ہے کہ مجھے یوں لگتا ہے جیسے میں لاشعوری طور پر اپنی امی جیسی بننا چاہتی ہوں۔ مجھے یاد آتا ہے جب ہم کراچی میں رہا کرتے تھے ہر تہوار کوئی شادی بیاہ ہو [illegible] امی کیسی پیاری پیاری کاٹن کی اجلی ساڑھیاں پہنا کرتی تھیں اور ان کے لانبے سیاہ بال ہمیشہ ایک جوڑے کی شکل میں ان کی گردن پر گندھے رہتے تھے۔ اب میں بھی کبھی کبھی اونچا جوڑا بنا لیتی ہوں اور ساڑھی پہن لیتی ہوں تو آئینہ دیکھ کر مجھے وہی کراچی والی کاٹن کی خوبصورت ساڑھیاں پہننے والی امی یاد آنے لگتی ہیں۔ مگر سچ بات یہ ہے کہ وہ امی والا فطری پن وہ خوبصورتی [illegible] مجھ میں نہیں آتا۔ بالوں کا جوڑا بنا کر ایسے لگتا ہے جیسے کسی آفت میں پھنس گئی ہوں۔ امی جانے کیسے دن رات اسی طرح بال سمیٹے رکھتی تھیں۔

ایک اور دلچسپ بات یہ ہے کہ کبھی کبھی امی اچانک مجھ میں آ جاتی ہیں۔ اگر کوئی اور یہ بات سنے تو یقیناً ہنسنے لگے گا یا اسے میرے دماغی خلل پر محمول کرے گا۔ مگر مجھے واقعی کبھی کبھی ایسا ہی محسوس ہوتا ہے۔ جیسے اس وقت جب میں مشین پر شلوار کے پائنچے تیار کر رہی ہوتی ہوں اور مجھے بخیے ادھر سے ادھر جاتے نظر آتے ہیں تب جیسے کوئی مجھ سے کہتا ہے "ارے چھوٹو بیگم اپنے بخیے سیدھے رکھو یہ کیا گندا رہی ہو"۔ اسی طرح جیسے امی سلائی سکھاتے ہوئے پیار بھری ڈانٹ دیتی تھیں۔ وہ ہزاروں میل دور ہونے کے باوجود جیسے میرے قریب ہوتی ہیں۔ اور پھر جب کسی وقت میں اپنے چھوٹو کو ڈانٹ رہی ہوتی ہوں وہی ماؤں والی ڈانٹ تو یوں لگتا ہے جیسے میں اپنی امی بن گئی ہوں۔ فرق البتہ یہ ہوتا ہے کہ میرے چیخنے چلانے میں غصہ اور اکتاہٹ کا عنصر جھلکتا ہے اور امی کی ڈانٹ میں بے بسی اور کمزوری عیاں ہوتی تھی اور اسی لیے ہم ان کے بچے اپنی من مانی کر گزرتے تھے۔ کیونکہ ہمیں ان کی نرم طبعی کا اچھی طرح علم تھا۔ مگر یہ بھی تو ہو سکتا ہے کہ امی بھی جوانی میں غصہ اور اکتاہٹ سے بھری آواز میں ڈانٹتی ہوں اور چالیس کے قریب پہنچ کر میں بھی بے بس اور کمزور پڑ جاؤں۔

آج صبح ہی سے ایسے خیالات ذہن میں امڈے چلے آ رہے ہیں۔ دراصل آج میری سالگرہ کا دن ہے اور سالگرہ کا دن خوشی کا دن ہوتا ہے۔ میں بھی خوشی منانے کی کوشش کر رہی ہوں۔ حالانکہ یہ احساس لمحہ لمحہ مجھے ڈس رہا ہے کہ آج میں اکتالیس برس کی ہو گئی ہوں۔ بظاہر تو کوئی فرق نہیں پڑتا۔ ہر دن ایک جیسا

ہوتا ہے۔ انتیس کی ویسی اٹھائیس کی ویسی۔ مگر ایسا لگ رہا ہے جیسے بہت سا وقت جلدی جلدی بیت گیا ہے اور کئی کام کرنے والے رہ گئے ہیں۔ ابھی تو مجھے سنڈریلا چولہے اور بچے پالنے سے ہی فرصت نہیں ملتی۔ وہ جو اپنی ذات کو تلاش کرنے اور شگفتہ دینے کا خیال تھا [illegible] اس کا وقت ہی نہیں ملا اور زندگی اتنی جلد آگے بڑھ گئی۔ یوں لگتا ہے جیسے عمر بیٹھے بٹھائے [illegible] بچوں کے ابو تو جلدی بیٹھے ہی کہیں سے HAPPY BIRTHDAY کا کارڈ خط یا تذکرہ نہیں۔ طبیعت بجھی سی گئی ہے۔ میں نے باتھ روم کے شیشے میں اپنے چہرے کا جائزہ لیا۔ بڑا ہی عام سا تھا۔ گندمی رنگت، [illegible] باریک دہانہ۔ وہی بادامی آنکھیں جو کبھی شوخ اور خوبصورت ہوا کرتی تھیں بے رونق سی [illegible] گرد حلقوں میں پڑی بہت بڑی بڑی لگ رہی تھیں۔ [illegible] بالوں کے قریب جو سیدھے پڑ چکے تھے اور کانوں کے قریب کی [illegible] کے درمیان ایک سفید بال چمک رہا تھا۔ وہی پرانا سفید بال تھا جو کئی سالوں سے میرے سر میں موجود تھا۔ میں نے کبھی اپنے سر کے سفید بالوں کی طرف توجہ نہیں دی تھی۔ آخر پریشانی کی وجہ بھی کیا۔ سبھی کو علم تھا کہ یہ بے عمر کے سفید بال ہیں۔ میری خود اعتمادی میں کبھی کوئی فرق نہیں پڑا تھا۔ مگر آج یہ ننھا سا سفید بال مجھے ضرور بے چین کر رہا تھا۔ کھٹک رہا تھا۔ حالانکہ وہی میں تھی اور وہی میری خود اعتمادی، وہی میرے خیالات، احساسات اور رویے۔ ہاں البتہ وہ عمر نہیں رہی تھی۔ میں بارہ پندرہ کی بجائے اکتالیس برس کی جو ہو گئی تھی۔ تو کوئی بات نہیں۔ میں نے خود سے کہا۔ میں تو اب بھی جوان ہوں۔ وہ جو امریکہ میں لوگ کہتے ہیں نا "تم بوڑھے نہیں ہو رہے ہو بہتر ہو رہے ہو"۔ ٹھیک ہی تو بات ہے۔ میں بھی REFINE ہو رہی ہوں، نکھر رہی ہوں۔ عمر کے ساتھ ساتھ میرے اندر چاندی ہی چاندی ابھرتی جا رہی ہے تو پھر مجھے یہ سفید بال کیوں اتنا چبھ رہا ہے شاید اس لیے کہ اوروں کو علم نہیں کہ یہ بال بچپن ہی سے میرے سر میں موجود ہے۔ وہ مجھے اس کی وجہ سے کہیں پینتیس برس کی نہ سمجھنے لگیں۔ تو کیا ہوا۔ مجھے کیا پرواہ ہے۔ ایسی غیر اہم اور چھوٹی باتیں تو وہ لوگ سوچتے ہیں جو اپنے آپ کو غیر محفوظ محسوس کرتے ہیں جنہیں خود پر یقین نہیں ہوتا۔ میں تو ان میں سے نہیں ہوں جو اپنی عمر چھپاتے ہیں۔ خود کو جوان ظاہر کرتے ہیں۔ ہر عمر کا حسن ہوتا ہے اپنی کشش ہوتی ہے۔ تو مجھے کیا فرق پڑتا ہے میں تو وہی ہوں۔

مگر اپنی ذات کی دیکھ بھال اور حفاظت کرنا بھی ایک فطری جذبہ ہے "جبلت" ہے۔ "تو گویا تمہیں شیخ حسن اب تم بھی اپنے سفید بال رنگو گی [illegible]؟" میں اپنے آپ پر حیران ہو رہی تھی۔ کیا یہ میں ہی تھی؟

میں اپنے برسوں پرانے سفید بال کو انگشت شہادت اور انگوٹھے کے درمیان پکڑ کر نوچنے ہی والی تھی کہ میرے کانوں میں ایک آواز آئی۔

"ہیپی برتھ ڈے ڈارلنگ!"

اور میرے سامنے ایک سرخ گلاب کسی نے لہرا دیا۔

میری بے رونق آنکھیں ایکدم چمکیلی اور چمکدار ہو گئیں اور میں نے بڑھ کر گلاب کو انگلیوں میں تھام لیا۔

میرا برسوں پرانا سفید بال خود ہی بہت سے کالے بالوں کے درمیان جا چھپا۔

OPPORTUNITY
MAKE EXTRA $ AND EXPAND

FOR MEDIUM AND SMALL BUSINESSES. OPPORUNITY FOR GOOD START, IF YOU PLAN TO START YOUR OWN BUSINESS IN NEAR FUTURE.

OUR CONCEPT IS BASED ON GEOGRAPHICAL DISTRIBUTION, PROTECTION OF PRODUCTS, WHICH ARE ACQUIRED AT AN EXCEPTIONALLY COMPETITIVE COST.

IF YOU HAVE ANY PRODUCT IN MIND, WE CAN HELP YOU TO TRACE IT ANYWHERE IN THE WORLD.

WRITE IN DETAIL THE PRODUCTS YOU ARE INTRESTED IN AND QUANTITY NEEDED TO:

HUMA
1714-170 LEES AVE.
OTTAWA, K1S 5G5
TEL: (613)-238-7332

رپورٹ — نمائندہ لندن کے قلم سے

انجمن برگ گل

انجمن برگ گل کا قیام اب سے چند ماہ پہلے لندن کی چند باشعور اور ادب سے دلچسپی رکھنے والی خواتین کی کاوش سے عمل میں آیا۔ اس انجمن کا مقصد دیار غیر میں اردو زبان کو قائم رکھنا، ادب کی خدمت اور لوگوں میں اس زبان کو زیادہ سے زیادہ روشناس کرانا ہے۔

یہ انجمن ہر ماہ کی پہلی اتوار کو ایک ماہانہ ادبی نشست کا اہتمام کرتی ہے جس میں لوگ اپنی اچھی تحریریں پیش کرتے ہیں۔

۲ جولائی کو منعقد ہونے والی انجمن کی چوتھی ادبی نشست ۱۸ پلمسول روڈ فنسبری پارک میں انجام پائی۔ اس مرتبہ جن لوگوں نے نشست میں شرکت فرمائی ان میں اردو ادب کے علاوہ انگریزی ادب سے تعلق رکھنے والے ایک معروف شاعر مسٹر جان نے بھی شرکت کی۔ ان کے علاوہ اردو ادب کی ایک مشہور ہستی افتخار اعظمی صاحب نے بھی محفل کو رونق بخشی اور بمبئی کی ایک مشہور شخصیت شاعر سرحدی صاحب نے بھی اپنی شرکت سے محفل کی رونق دوبالا کی۔

سب سے پہلے پروین مرزا نے ایک خوبصورت افسانہ سنایا جو مغربیت سے بھرپور احساسات کی ترجمانی کرتا تھا۔ وطن سے محبت اور اس کی مٹی سے عشق ان کے افسانے کا موضوع تھا:

پروین مرزا کے بعد مسٹر جان نے اپنی انگلش نظم سنائی۔ بڑی خوبصورت اس نظم کا ترجمہ کچھ یوں ہے:

میں سمندر کی لہروں کی طرح بے چین تھا
اور میرے جسم و جاں میں
طوفان میں گھرے جہاز کی طرح
ٹوٹ پھوٹ ہو رہی ہے
لیکن تمہارے زندگی میں آنے کے بعد
میں جھیل کی سطح پر پھیلے سکوت کی طرح
خاموشی سے تمہارے دھیان میں گم ہوں

مسٹر جان کے بعد شمیم رفعت نے ایسی دلکش نظم سنائی کہ محفل پر چھا گئی۔ نمونہ ملاحظہ کیجئے:

اب تو میں خون میں ڈوبے ہوئے ارمانوں سے
شرقی صبح کا نظارہ کیا کرتا ہوں
عارض شام کو میں رنگ حنا دیتا ہوں
شب کی پلکوں کو میں تاروں سے سجا دیتا ہوں

شمیم رفعت کے بعد شاہدہ احمد نے ایک افسانہ سنایا جس میں دلکشی کے ساتھ ساتھ سامعین کے ذہنوں کو چھونے کا انداز بھی تھا۔

شاہدہ احمد کے بعد جناب افتخار اعظمی سے درخواست ہوئی جنہوں نے محفل پر سکوت طاری کر دیا۔ ان کی مترنم و شیریں آواز سامعین کے احساسات کو گرما گئی۔

[illegible] دیر سے ہو کے خود
شمع فانوس میں جلتی رہی
ہو کے سرشار محبت آخر
چاندنی سو گئی پہلو میں میرے

اور یوں یہ خوشگوار محفل اختتام کو پہنچی۔

ٹورنٹو

کریسنٹ انٹرنیشنل

ٹورنٹو کینیڈا

أَلَا إِنَّ أَوْلِيَاءَ اللَّهِ لَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُونَ

سنو! اللہ کے دوست جو ہیں ان کو نہ خوف ہے اور نہ وہ غم کھائیں گے (القرآن)

روسی عدالت — مغربی میڈیا اور حقوق انسانی

جہاں تک حقوق انسانی کا تعلق ہے ہم ان حقوق کی افادیت کا تہ دل سے احترام کرتے ہیں۔ ان کے مکمل اور یکساں اطلاق کے بھی ہم خواہاں ہیں۔ مگر یوں محسوس ہوتا ہے کہ انسانی حقوق کی ٹھیکیداری صرف مغربی میڈیا نے ہی سنبھال رکھی ہے۔

یوں تو انسانی حقوق کی آڑ لے کر بی بی سی اور اس کی ہمعصر نشرگاہوں کا نزلہ اکثر و بیشتر تیسری دنیا کے ممالک پر گرتا ہے۔ جن میں پروپیگنڈا کا نام پیش پیش ہے۔ مگر آج کل اس نزلہ کا نشانہ روسی عدالت بن رہی ہے۔ جب روسی شہری شیرانسکی، گنز برگ اور پاکس اپنے ملک سے غداری کے جرم میں سزا کو پہنچے ہیں۔

مغربی پریس کی روس میں عدالتی کارروائی کے خلاف زبردست مہم ایک تاثر تو یہ دیتی ہے کہ آج دنیا میں جہاں کہیں بھی عدالتی کارروائیاں عوامی توقعات کے فیصلے بی بی سی و ہمعصر نشرگاہ کے منشاء، رضامندی اور خواہش کے مطابق ہوں ورنہ ان کے خلاف زہر اگل کر انھیں سخت گستاخی جانے گی۔

پاکستان اپنی آزادی کے دن سے اس اصول کے حق میں آواز بلند کرتا رہا ہے کہ ایک ملک کو دوسرے ملک کے داخلی معاملات میں دخل اندازی کا کوئی حق حاصل نہیں۔ خواہ یہ اس ملک کی سلامتی اور یکجہتی کا مسئلہ ہو یا اس ملک کے غداروں کے خلاف عدالتی کارروائی کے نتیجہ میں سزا کا معاملہ ہو۔

روس نے پاکستان کی سلامتی کے خلاف تخریبی کارروائی میں بالواسطہ یا براہ راست نمایاں حصہ لیا ہے۔ روسی خبر رساں ایجنسی نے بھٹو صاحب کے خلاف سنائے گئے لاہور ہائی کورٹ کے فیصلہ پر دل کھول کر آنسو بہائے جو ابھی تک خشک نہیں ہوئے۔ اپنی پرنم آنکھوں میں آنکھیں ڈال کر تاس سے ہم یہ پوچھنا چاہتے ہیں کہ اب کیا حال ہے؟ شیرانسکی اور گنز برگ کے حق میں مغربی پریس جو گرجدار کسیلی شور بپا ہے اس سے تمہارے منہ کا ذائقہ بدلا یا نہیں؟ دوسرے ممالک جب داخلی معاملہ میں مداخلت کریں تو طبیعت پر کیا گزرتی ہے؟

حقوق انسانی کے واویلے کے پیچھے مغربی ممالک یا سپر پاورز کے اپنے مخصوص مقاصد چھپے ہوتے ہیں۔ ان حقوق کی پامالی کے لئے ایڑیاں رگڑنے والے اس ملک کے اندرونی حالات پر اگر نگاہ ڈالی جائے تو وہاں انسانی حقوق کے یہی علمبردار بذات خود ان حقوق کی پامالی کے مرتکب نظر آتے ہیں۔

شہر شہر اور گلی گلی دو عیسائی فرقوں کی قبروں پر ماتم کرنے والی بی بی سی ری پبلک آئرلینڈ (جنوبی آئرلینڈ) کی علیحدگی کے بعد گزشتہ سو سال سے شمالی آئرلینڈ میں غلامی کی چکی میں پسنے والی زندہ لاشوں کو بھول جاتی ہے۔ وہ یہ بھی بھول جاتی ہے کہ کس طرح رنگدار تارکین وطن کو مختلف سازشوں اور ہتھکنڈوں کے ذریعہ بتدریج "برابری" کے حقوق سے محروم کیا جا رہا ہے۔ انھیں جانی اور مالی طور پر خوفزدہ اور ہراساں رکھ کر دوسرے اور تیسرے درجے کے شہری بننے پر مجبور کیا جا رہا ہے۔ اس نسلی تعصب کے جراثیم ولایت کے ساحل چھوڑ کر دوسرے سفید فام ممالک میں بھی پھیل رہے ہیں۔ حتیٰ کہ شمالی امریکہ تک اس کے اثرات محسوس کیے جا سکتے ہیں۔ مغربی ممالک میں لاکھوں انسانوں کے جائز حقوق کی پامالی پر مسلسل خاموشی ہٹ دھرمی نہیں تو پھر کیا ہے؟

پامالی انسانی حقوق کی مزید گھناؤنی مثالیں شکاگو اور ڈیٹرائٹ کے سیاہ فام آبادیوں CHETTOES میں بھی دیکھی جا سکتی ہیں۔ یہ سیاہ فام آبادیاں مسمار کھنڈرات سے کم نہیں۔ ان کھنڈرات میں گزشتہ دو سو سال سے غلاموں پر مظالم کی بے شمار دلسوز داستانیں پوشیدہ ہیں۔ مگر این۔ بی۔ سی نیٹ ورک کو شاید اپنے گریبان میں جھانکنے کا وقت نہیں۔ البتہ اس نے مرتضیٰ بھٹو کو بڑی گرمجوشی اور بڑے درد سے دعوت دے ڈالی۔ حسن اتفاق دیکھیے کہ جب N.B.C. کو یہ علم ہوا کہ احمد رضا قصوری حقوق انسانی کے ان دعویداروں کی تلاش میں بھٹکتے ہوئے اس نیٹ ورک پر بھی پہنچنا چاہتے ہیں تو مرتضیٰ صاحب کے لئے ساری ہمدردیاں دھری کی دھری رہ گئیں۔ حالانکہ N.B.C. دنیا کا لامحدود رنگین ٹی وی کیمروں کی تیز لہروں سے کسطرح محفوظ رکھ سکتی تھی۔ یقیناً احمد رضا قصوری N.B.C. کا منہ کالا کرنے میں کوئی کسر نہ چھوڑتے۔ لہٰذا بڑی ڈھٹائی سے قصوری کا انٹرویو لینے سے انکار کر دیا گیا۔

تین روسی شہریوں پر روسی عدالت کی کارروائی اور غداری کے جرم میں سزا پر مغربی میڈیا کا پیچ و تاب کھانا دراصل اپنے اعمال کی پردہ پوشی ہے یا درپردہ اس منطق کا ایک بار پھر اعادہ ہے کہ "مغربی میڈیا میں ہیومن اسٹرلنگ کے کرنٹ سے بھی زیادہ خطرناک ہو چکا ہے۔"

حسنی (ٹورانٹو)

سیاسی پابندیاں — فی الحال برقرار؟

موجودہ وفاقی کابینہ کے پہلے رسمی اجلاس میں بحث و غور کے جو نتائج منظر عام پر لائے گئے ہیں، ان میں سے دو فیصلوں کو خاص طور پر اہمیت دی جائے گی، اگرچہ ان کے متعلق لوگوں کے ردعمل کا انداز ایک دوسرے سے بہت مختلف بلکہ برعکس ہو گا۔ ہماری مراد سیاسی سرگرمیوں پر عاید پابندیاں فی الحال برقرار رکھنے اور آئندہ انتخابات جداگانہ بنیادوں پر کرانے کے فیصلوں سے ہے۔

اس کابینہ کے ارکان نے پانچ جولائی کو حلف اٹھایا تھا۔ اس کے بعد سیاسی وزیر (جن میں سے بیشتر کا براہ راست یا بالواسطہ تعلق مسلم لیگ سے ہے) اپنے منصبی فرائض سنبھالنے کے ساتھ مختلف علاقوں کے دورے پر بھی رہے ہیں جہاں تقریبات میں اپنے خیالات کے اظہار کے ساتھ انہوں نے ایسی باتیں بھی یقیناً سنی اور دیکھی ہوں گی کہ حکومت میں ان کی شمولیت سے لوگوں کو ان سے کس قسم کی توقعات ہیں! یہ سیاسی وزیر اب اپنے طور پر بھی جائزہ لے سکتے ہیں کہ کابینہ کے جن رسمی فیصلوں کا اعلان کیا گیا ہے، وہ لوگوں کی توقعات سے کس حد تک مطابقت رکھتے ہیں! اور اپنے فرائض منصبی یا عوام سے رابطہ کے سلسلے میں اپنے آئندہ دوروں میں انہیں کس قسم کی باتیں کہنی اور سننی پڑیں گی!

یہ بات تو وزیر صاحبان ہی جانتے اور بیان کر سکتے ہیں کہ سیاسی سرگرمیوں پر عاید پابندیاں فی الحال برقرار رکھنے میں کیا مصلحت ہے؟ ان پابندیوں کو ہٹانے یا کم از کم کچھ حد تک نرم کر دینے کا مطالبہ بہت زور شور سے جاری ہے، اور یہ کوئی راز یا طعن کی بات نہیں ہے کہ کابینہ میں شامل ہونے سے قبل یہ سیاسی وزیر صاحبان خود بھی اس مطالبے کے حق میں تھے۔ مسلم لیگ تو اس میں پیش پیش رہی ہے۔

مزید براں اس سلسلے میں کچھ خوش گوار توقعات اس لیے بھی پیدا ہو گئی تھیں، کہ پانچ جولائی کی حلف برداری کی تقریب کے بعد چیف مارشل لاء ایڈمنسٹریٹر جنرل محمد ضیاء الحق نے اخباری نمائندوں سے بات چیت میں خود ہی یہ انکشاف کیا تھا کہ چند دن بعد وفاقی کابینہ کا جو پہلا رسمی اجلاس ہونے والا ہے، اس کے ایجنڈے میں سرفہرست نکتہ یہی ہو گا۔ کسی نہ کسی حد تک ڈھکے چھپے انداز میں سیاسی سرگرمیاں اس وقت بھی جاری ہیں۔ اور قومی یا سیاسی اہمیت کے حامل معاملات پر سیاسی جماعتوں کے رہنما اظہار خیال بھی کرتے رہتے ہیں، لیکن جب یہ بات تسلیم کی جاتی ہے کہ جمہوریت کی بحالی اور انتخابات کے "مثبت نتائج" کے لئے سیاسی جماعتوں کا ملک گیر سطح پر منظم، موثر اور مضبوط ہونا ضروری ہے، چنانچہ سیاسی جماعتوں کی موجودہ بہت زیادہ تعداد میں کمی کے لئے کسی نہ کسی انداز میں آئندہ انتخابات میں ان کی کارکردگی کو بھی پیمانہ اور معیار بنانے کا مسئلہ بحث و اظہار کا موضوع بنا ہوا ہے، تو یہ بات بڑی جائز بلکہ ضروری معلوم ہوتی ہے کہ کسی حد تک باقاعدہ سیاسی سرگرمیاں گوارا کر لی جائیں۔ مثلاً سیاسی جماعتوں کی مرکزی اور صوبائی مجالس کے اجلاس ہونے چاہئیں، اور انہیں رکنیت سازی اور جماعتی انتخابات کرانے کی بھی اجازت ملنی چاہیے، تاکہ سیاسی جماعتوں کے کم از کم تنظیمی معاملات تو بہتر ہو سکیں، اور وہ آئندہ انتخابات کے لئے تیاریوں کی ٹھوس بنیاد تو رکھ سکیں۔ ان اہم معاملات یا سیاسی ضروریات کے پیش نظر سیاسی سرگرمیوں پر عاید پابندیوں کو فی الحال برقرار رکھنے کے فیصلے پر اگر ناخوشی اور مایوسی کا اظہار ہی کیا گیا تو حکومت کو اس ردعمل پر حیران یا ناراض نہیں ہونا چاہیے بلکہ حقیقت پسندی سے کام لے کر اپنے فیصلے پر نظرثانی کرنے کا جائزہ لینا چاہیے۔

اس حلقہ میں سیاسی وزیروں کی پوزیشن خاص طور پر عجیب اور کسی حد تک اتنی ہی پریشان کن بھی ہو گی۔ وہ اگرچہ یہ کہہ رہے ہیں کہ انہوں نے وزارت میں شمولیت عہدوں کی خاطر نہیں بلکہ ملک و قوم کو درپیش حالات کے پیش نظر تعاون سے عہدہ برآ ہونے کے لئے قبول کی ہے جس کو اپنے سیاسی کیرئیر کو بھی داؤ پر لگا دیا ہے، لیکن وہ اول و آخر "سیاسی جانور" ہیں، اس لئے وہ جہاں بھی جائیں گے، لامحالہ سیاسی معاملات پر بھی اظہار خیال کریں گے، اور اپنی سیاسی جماعت کے مفادات کو بھی ملحوظ رکھیں گے، اور اس پر اقتدار سے باہر سیاسی حلقے بھی امتیازی سلوک اور دوہرا فرق کی ضرور شکایت کریں گے۔ اب دیکھنے کی بات یہ ہے کہ سیاسی وزیر صاحبان اس جائز شکایت کا کیا جواب دیتے ہیں؟

روزنامہ نوائے وقت لاہور

نور بصیرت

میاں عبدالرشید

تحفۂ معراج

نماز تحفۂ معراج ہے۔ اس سے ہر ایک کو اس کے ظرف اور ضرورت کے مطابق روحانیت حاصل ہوتی ہے۔ مبتدی (ابتداء کرنے والا) ہو، یا منتہی (انتہا تک پہنچا ہوا) ہر ایک اس سے اپنی استعداد کے مطابق فیض یاب ہوتا ہے۔ علاوہ ازیں اس سے توحید سے حاصل ہونے والی مساوات کا عملی سبق ہر روز پانچ وقت ملتا ہے۔ امیر ہو یا غریب، افسر ہو یا چپراسی، پڑھا لکھا ہو یا ان پڑھ، بچہ ہو یا جوان، ضعیف ہو یا ادھیڑ عمر سب دن میں پانچ وقت کندھے سے کندھا ملا کر حق تعالیٰ کے حضور کھڑے ہوتے ہیں۔ یہ عملی سبق انسانی معاشرہ کی ساری مصنوعی اونچ نیچ ختم کر دیتا ہے۔ اسی کا اثر ہے کہ آپ کسی مسلمان ملک میں گوروں کے الگ ہوٹل یا الگ پارک یا الگ نشستیں نہیں دیکھیں گے، جیسے مغربی تہذیب کے نیشنل امریکہ میں یا ہندوانی تہذیب کے علمبردار بھارت کے اندر نظر آتا ہے۔

نماز پنجگانہ عجیب تحفہ ہے۔ اس کے روحانی، ذہنی اور معاشرتی فوائد ان گنت ہیں۔ بڈھے جنہیں کوئی کام نہیں، ان کے لیے یہ مصروفیت بھی ہے اور ہلکی سی ورزش بھی۔ نیز پانچ وقت نوجوانوں اور بچوں سے میل جول کے باعث ان کی یبوست کم ہو جاتی ہے۔ بچے بڑوں کے ساتھ کندھے سے کندھا ملا کر کھڑے ہوتے ہیں، تو ان میں خود اعتمادی اور احساس اہمیت پیدا ہوتا ہے۔ نوجوانوں کے غلط راہ پر اندھا دھند آگے بڑھنے کے راستہ میں نماز رکاوٹ بنتی ہے۔ عام لوگ جو کاروبار زندگی کی محنت و مشقت میں ڈوبے ہوتے ہیں، ان کے لیے یہ ذہنی سکون اور اعصابی آسودگی کا باعث بنتی ہے۔ سجدہ میں دماغ کی جانب متوازن صورت میں دوران خون ہوتا ہے، جو سر کے بل کھڑے ہونے سے بدرجہا بہتر ہے۔

صبح سے دوپہر تک تو کام کاج کا وقت ہوتا ہے۔ لوگ تازہ دم اور مصروف ہوتے ہیں۔ اس میں کوئی نماز نہیں۔ دوپہر کے بعد ظہر کی نماز ہے۔ دن بھر کا کام ختم کر کے دوسرے تازہ دم ہو جاؤ اور حق تعالیٰ کے حضور حاضری دے کر اللہ تعالیٰ کے کائناتی پاور ہاؤس سے تسکین، بشاشت اور قوت حاصل کر لو۔



فرمودۂ اقبال

تیری متاع حیات علم و ہنر کا سرور

میری متاع حیات ایک دل ناصبور!

معجزۂ اہل فکر فلسفۂ پیچ پیچ!

معجزۂ اہل ذکر موسیٰ و فرعون و طور!

(ضرب کلیم)



قائد اعظم نے فرمایا

میں آپ کو یقین دلاتا ہوں کہ دنیا میں مجھے اپنے ضمیر سے بڑھ کر کوئی شے عزیز نہیں۔ جب آپ اپنے خدا کے حضور پیش ہوں تو آپ خود اعتمادی سے کہہ سکیں کہ مجھ پر جو فرائض عاید تھے وہ میں نے کمال دیانت، خلوص اور وفاداری کے ساتھ ادا کر دیئے۔

سرکاری افسروں سے خطاب ۱۴ فروری ۱۹۴۸ء

گندم، چاول، خوردنی تیل، دودھ، گوشت اور گھی کی پیداوار میں اضافہ کیا جائے گا

کپاس، کھاد اور سیمنٹ کی پیداوار بھی بڑھائی جائے گی: پانچ سالہ منصوبے کا اعلان

اسلام آباد ——— (پ پ) پاکستان کا ۱۹۷۸ء سے ۱۹۸۳ء تک کا پانچ سالہ ترقیاتی پروگرام جس پر مجموعی ۲۱۰ ارب روپے صرف ہوں گے جولائی ۱۹۷۸ء سے شروع کر دیا گیا ہے۔ اس پنجسالہ ترقیاتی منصوبے کی غرض و غایت قومی اقتصادیات میں بنیادی کمزوریوں کو دور کرنا اور لگاتار ترقی کے لئے اقتصادی بنیادیں مستحکم بنانا ہے چنانچہ سرمایہ کاری، بچت، کاروبار اور پیداوار کی ایسی پالیسیاں وضع کی گئی ہیں جن کے تحت پنجسالہ ترقیاتی منصوبے کے مقاصد کی تکمیل ہو سکے۔ پنجسالہ منصوبے میں جن پر زور دیا گیا ہے وہ مقاصد حسب ذیل ہیں۔ (۱) دیہی علاقوں کی ترقی (۲) دیہی علاقوں کے مسائل حل کرنے کے لیے آسانیاں مہیا کرنا (۳) پسماندہ علاقوں کی تیز رفتار ترقی (۴) تمام افراد کی بنیادی ضروریات کو پورا کرنا اور مساوات کی فضا قائم کرنا۔

طویل المیعاد اقتصادی پیداوار کے لیے مستحکم بنیاد استوار کرنا منصوبے کے تمام مقاصد کی غرض و غایت یہ ہے کہ اسلامی اقتدار پر مبنی معاشرہ قائم کیا جائے اور اس مقصد عظیم کے حصول کا انحصار اقتصادی ترقی پر ہوگا چنانچہ ان مقاصد کا اصول یہ ہوگا کہ قوم اپنے مستقبل کو درخشاں بنا سکے۔

اس بات پر زیادہ تر توجہ اپنے پیداواری وسائل پر مرکوز رہے گی کہ جہاں تک ملک کی ارضی دولت، افرادی قوت اور پانی کے وسائل کا تعلق ہے اور جہاں تک زراعت کے لیے جدید لوازم اور ضروریات کا تعلق ہے ان کے استعمال سے زراعت کو زیادہ سے زیادہ ترقی دی جا سکے کیونکہ قومی معیشت کی دیہی پیداوار میں ریڑھ کی ہڈی ہے جس کی بنیادی ضروریات پوری کرنے، زمینوں اور زرعی شعبے پر بہ تر انداز میں توجہ دینے کا امکان موجود ہے۔ ان منصوبوں کی تکمیل کے لیے تقریباً آمدنی میں چھ فیصد سالانہ اضافہ بھی ضروری ہے۔ اس ضمن میں بعض اہم پہلو حسب ذیل ہیں:۔

(۱) زرعی سیکٹر میں سالانہ چھ فیصد ترقی (ب) گندم میں خود کفالت، زرعی اجناس کی برآمد، چاول کی پیداوار میں اضافہ اور مناسب حد تک دیگر زرعی اجناس کی برآمد بڑھانا تاکہ بیرونی مالی منڈیوں سے فائدہ اٹھایا جا سکے (ج) تیل کے بیجوں والی فصلوں کی پیداوار میں اضافہ تاکہ بناسپتی اور خوردنی تیل کی ضروریات پوری ہو سکیں (د) پروٹین والی اغذیہ مثلاً دالوں، گوشت، دودھ، انڈے اور مچھلی کی پیداوار میں اضافہ جو آبادی میں اضافے کے تناسب سے زیادہ ہو تاکہ عوام کی صحت برقرار رکھنے کے لیے غذائیت مناسب طور پر اور لگاتار میسر آ سکے (ر) کپاس اور گنے کی پیداوار میں اضافہ (س) مقامی ضروریات پوری کرنے کے لیے پھلوں اور سبزیوں کی پیداوار میں اضافہ (ص) بنجر اور پہاڑی علاقوں میں زراعت میں توسیع تاکہ علاقائی آمدنیوں میں موجودہ فرق کم کیا جا سکے اور بنجر علاقوں کے لوگوں کی آمدنی کی قیمت پیداوار میں اضافہ جن کی ملک میں زبردست اہمیت ہے (ط) منتخب فصلوں کی دوبارہ اور مسابقتی کاشت اور اس کاشت میں مشینوں وغیرہ کا اضافہ (ف) جنگلات اور کم بارش والے علاقوں کا تحفظ اور مویشیوں کی افزائش کے لیے نئے اقدامات۔

اس پنجسالہ منصوبے کے تحت گندم کی پیداوار میں اس قدر اضافہ ہو سکے گا کہ گندم کی درآمد کی ضرورت ختم ہو جائے۔ کپاس زیادہ مقدار میں برآمد کی جا سکے گی اور چاول بھی منصوبے کی تکمیل تک زیادہ مقدار میں برآمد ہو سکے گا۔ منصوبے کے تحت بنجر علاقے میں قابل کاشت اراضی میں دو فیصد اضافہ ہو سکے گا۔ اور زرعی پیداوار میں چار فی صد سے زائد اضافے کی توقع ہو سکتی ہے۔ اس ضمن میں کیمیاوی کھاد کا استعمال زیادہ ہوگا اور منصوبے کی تکمیل تک دوگنا ہو جائے گا۔ جس میں سے زیادہ تر کیمیاوی کھاد اندرون ملک ہی تیار کی جائے گی۔

صنعتی سیکٹر میں اس پنجسالہ منصوبے کے تحت اولین ترجیح کراچی سٹیل مل کی تکمیل کو اور کیمیاوی کھاد اور سیمنٹ کی موجودہ فیکٹریوں کو دی گئی ہے۔ سرکاری صنعتی سیکٹر میں صنعتی ترقی ملوں کو جدید ترین مشینریاں مہیا کرنے اور ان کی پیداوار بڑھانے کی شکل میں کی جائے گی۔ چنانچہ اس منصوبے کے تحت نجی اور سرکاری سیکٹر کی صنعتی پیداوار میں دس فی صد اضافہ متوقع ہے۔ اور اس کے علاوہ سرکاری سیکٹر میں بڑے بڑے صنعتی ادارے قائم کرنے اور سرمایہ کاری کے مواقع بہم پہنچانے کا زبردست امکان ہے۔ منصوبے کے دوران نجی سیکٹر خاص کردار ادا کرے گا اور مستقبل قریب میں سرکاری سرمایہ کاری کی بجائے صنعتی سرمایہ کاری پچاس فی صد تک ہو سکے گی۔

سرمایہ کاری کے متعلق اہم پہلو حسب ذیل ہیں: (۱) صنعتوں میں چالیس ارب روپے سرمایہ لگایا جائے گا۔ یعنی ۲۱ ارب روپے سرکاری سیکٹر میں اور ۱۹ ارب روپے نجی سیکٹر میں (ب) سرکاری سرمایہ کاری کے پروگرام میں ۴۹ فی صد سرمایہ بنیادی صنعتوں کے لئے مختص کیا گیا ہے۔ اس کے علاوہ تین فی صد سرمایہ بنیادی دھاتوں کی صنعت کے لئے جن میں کراچی سٹیل مل شامل ہوگی۔ ۱۴ فی صد کیمیاوی کھاد کے لئے، ۱۰ فی صد مشینری کے لئے جس میں بجلی کی مشینری اور ٹرانسپورٹ کی ضروریات شامل ہیں۔ ۹ فی صد سیمنٹ کی صنعت کے لئے اور باقی کیمیاوی اشیاء اور پیٹرولیم کی مصنوعات کے لئے مختص ہوگا۔ مگر اس کا زیادہ تر انحصار نجی وسائل اور قومیائے اداروں کی صلاحیت کار پر ہوگا۔ نجی سیکٹر زیادہ تر سرمایہ کاری زرعی اجناس پر مبنی صنعتوں مثلاً کپڑے کی صنعت، اور چھوٹی صنعتوں پر ہوگی۔ (ج) نجی سیکٹر میں ۱۹ ارب کی رقم میں سے ۳ ارب ۹ ارب کی رقم کیمیاوی کھاد کے منصوبوں کے لئے، ایک ارب تین فی صد زیر تعمیر سیمنٹ فیکٹریوں کے لئے، ایک ارب دو ارب روپے چھ نئی شوگر ملوں کے لئے اور باقیماندہ ۱۲ ارب ۶۰ کروڑ روپے نجی سیکٹر کے لئے مختص کئے گئے ہیں۔ جن میں چار ارب دس کروڑ روپے ٹیکسٹائل کے لئے مختص ہیں۔ اگر سیمنٹ اور چینی کی صنعتوں کو سرمایہ کاری سے نکال دیا جائے۔ تو نجی سرمایہ کاری ۱۹۷۷ء-۷۸ء کی ایک ارب اسی کروڑ روپے کی سرمایہ کاری سے بڑھ کر ۱۹۸۲-۸۳ء میں دو ارب پچاس کروڑ روپے تک پہنچ جائے گی۔ جو ۷ فی صد اضافے کے برابر ہوگی۔

نئے وفاقی وزراء اور ان کے محکمے

(۱) غلام اسحاق خان - خزانہ، منصوبہ بندی اور صوبائی رابطہ
(۲) لیفٹیننٹ جنرل ایف اے چشتی - اسٹیبلشمنٹ، وفاقی محتسب کمیشن، امور کشمیر اور شمالی علاقے۔
(۳) مسٹر محمد خان ہاؤسنگ اور تعمیرات
(۴) مسٹر مصطفیٰ گوکل - جہاز رانی، بندرگاہیں اور فروغ برآمدات
(۵) ریٹائرڈ لیفٹیننٹ جنرل حبیب اللہ خان - صنعت اور پیداوار
(۶) مسٹر محمود ہارون - داخلہ
(۷) لیفٹیننٹ جنرل غلام حسن خان - پیٹرولیم اور قدرتی وسائل
(۸) مسٹر اے کے بروہی - قانون، پارلیمانی امور، مذہبی اور اقلیتی امور
(۹) میجر جنرل جمال سعید میاں - ریاستیں اور قبائلی علاقے
(۱۰) مسٹر گل محمد خان جوگیزئی - پانی اور بجلی۔
(۱۱) مسٹر محمد خان جونیجو - ریلوے
(۱۲) مسٹر محمد علی خان آفریدی - تعلیم، ثقافت اور سیاحت
(۱۳) مسٹر محی الدین بلوچ - مواصلات
(۱۴) مسٹر شریف الدین پیرزادہ - وفاقی وزیر امور خارجہ
(۱۵) خواجہ محمد صفدر - خوراک و زراعت
(۱۶) مسٹر زاہد سرفراز - تجارت۔
(۱۷) چوہدری ظہور الٰہی - محنت، افرادی قوت، بلدیات اور دیہی ترقی۔

وزراء مملکت:

(۱) مسٹر حمید ڈی حبیب: خزانہ، تجارت، اقتصادی امور اور بیرونی تجارت۔
(۲) مسٹر جاوید ہاشمی: نوجوان اور طلبا کے امور۔
(۳) مسٹر محمود علی: سماجی بہبود کی قومی کونسل، جیسا کہ صحت اور آبادی کی منصوبہ بندی کے محکمے چیف مارشل لاء ایڈمنسٹریٹر کے پاس رہیں گے آپ ان محکموں کی دیکھ بھال بھی کریں گے۔
(۴) مسٹر آغا شاہی: امور خارجہ۔
(۵) بیگم وقار النساء نون: فروغ سیاحت کارپوریشن۔

چیف مارشل لاء ایڈمنسٹریٹر نے مندرجہ ذیل محکمے اپنے پاس رکھے ہیں۔ کیبنٹ ڈویژن، چیف مارشل لاء ایڈمنسٹریٹر کا سیکرٹریٹ، دفاع، وفاقی پیداوار، امور خارجہ، اطلاعات و نشریات، صحت، آبادی کی منصوبہ بندی، سماجی بہبود، سائنس ٹیکنالوجی، ایٹمی توانائی کمیشن، طلباء اور نوجوانوں کے مسائل اور مہاجرین و آبادکاری۔

صدر مملکت کسی شخص کو وفاقی وزیر مقرر کر سکتے ہیں

وفاقی وزراء کے حلف لینے کا حکم جاری کر دیا گیا

راولپنڈی ——— (اپ پ) صدر مملکت نے آج وفاقی وزراء کے حلف لینے کا حکم مجریہ ۱۹۷۸ء جاری کیا جس کے تحت صدر کو یہ اختیار حاصل ہو گیا ہے کہ وہ کسی بھی شخص کو وفاقی وزیر مقرر کر سکتے ہیں۔ اس حکم میں حلف کی عبارت بھی درج کر دی گئی ہے۔ اس حکم کا فوری طور پر اطلاق ہوگا اور صدر مملکت جس شخص کو وفاقی وزیر مقرر کریں گے اسے متذکرہ حلف بھی اٹھانا ہوگا۔

سعودی عرب آنے والے ہر حاجی کو کم از کم ۷۰۰ ریال اپنے ہمراہ لانے چاہئیں

اخراجات زندگی بڑھ چکے ہیں: حکومت سعودی عرب کی وضاحت

جدہ ——— (اپ پ) سعودی عرب کی حکومت نے اعلان کیا ہے کہ حج ویزا کے لئے درخواستیں ۲۰ ذیلقعدہ ۱۳۹۸ھ تک بھی جا سکتی ہیں۔ اور ہر حاجی کو بعض ضروری اخراجات کے لئے کم از کم ۷۰۰ ریال اپنے ہمراہ لانے چاہئیں۔ وزارت حج کے ایک اعلان میں کہا گیا ہے کہ سعودی عرب میں اخراجات زندگی بڑھ جانے کی وجہ سے زائرین کو اپنے ہمراہ معلم کی فیس، قلیوں کے کرایے، جدہ میں ٹھہرنے اور مکہ معظمہ اور عرفات کو روانگی اور پھر مدینہ منورہ واپس آنے کے لئے معقول رقم اپنے ہمراہ لانی چاہئیے۔ وہ زائرین جو حج سیزن میں پہلے مدینہ منورہ جانے کے خواہشمند ہوں اور وہ جہاز کے ذریعے سفر کر رہے ہوں انہیں ۲۵ ذیلقعدہ تک ینبوع اور وہ زائرین جو مکہ معظمہ آنا چاہتے ہوں انہیں بھی ذوالحجہ تک پہنچ جانا چاہئیے۔ سڑک کے ذریعے مکہ معظمہ آنے والے زائرین کو سعودی سرحدوں پر یکم ذوالحجہ تک آ جانا چاہئیے۔ اعلان کے مطابق وہ زائرین جو سمندری یا فضائی راستے کے ذریعے آ رہے ہیں۔ ان کے پاس گائیڈ اور قلی کو ادا کرنے کے لئے ۲۰۰ ریال اور سعودی عرب میں ٹھہرنے اور ایک جگہ سے دوسری جگہ جانے کے لئے ۴۹۵ ریال ہونے ضروری ہیں۔ خشکی کے ذریعے آنے والے زائرین کے پاس زائرین کی دیکھ بھال کرنے کی فیس کے طور پر ۴۹۴ سعودی ریال ہونے ضروری ہیں۔ دیگر اخراجات کے لئے زائرین کے پاس معقول رقم کا ہونا ضروری ہے۔ وزارت حج نے انتباہ کیا ہے کہ اس مرتبہ ہر معلم کی کارکردگی کا جائزہ لیا جائے گا۔ ہر معلم کو زائرین کا ایک کوٹہ مقرر کیا جائے گا جو اس سے اپنے فرائض سے کوتاہی برتنے والے انفرادی معلموں کے خلاف تادیبی کارروائی کی جائے گی۔

زائرین کو مشورہ دیا گیا ہے کہ وہ معلموں کو فیس ادا کریں اس کی رسید حاصل کریں اور اگر انہیں کسی قسم کی شکایت ہو تو اس کی فوراً وزارت حج کو رپورٹ کریں۔ اعلان میں کہا گیا ہے کہ ہر مقام پر وزارت حج کے نمائندوں کی مناسب تعداد مقرر کر دی جائے گی۔

لیفٹیننٹ جنرل محمد اقبال خان ڈپٹی چیف آف آرمی سٹاف کا عہدہ سنبھالیں گے

کراچی ——— (اپ پ) زون سی کے سابق مارشل لاء ایڈمنسٹریٹر لیفٹیننٹ جنرل محمد اقبال خان کل شام راولپنڈی روانہ ہو گئے جہاں وہ اپنے نئے عہدے ڈپٹی چیف آف آرمی سٹاف کا چارج سنبھالیں گے۔

جیل میں بھٹو کے شب و روز

• روزانہ آئس کریم کھاتے ہیں اور سینڈوچ استعمال کرتے ہیں

• اپنی یادداشتوں پر مشتمل کتاب لکھ رہے ہیں

• دن کو آرام کرتے ہیں اور رات کو جاگتے ہیں

راولپنڈی (نمائندہ خصوصی) مسٹر بھٹو کے جیل میں شب و روز کے بارے میں بتایا گیا ہے کہ مسٹر بھٹو روزانہ دوپہر کے وقت ایک مقامی ہوٹل سے منگوائی آئس کریم کھاتے ہیں اور سہ پہر اسی ہوٹل سے آنے والے سینڈوچ استعمال کرتے ہیں۔ شام کا کھانا ان کے وکلاء لے کر جاتے ہیں۔ وہ جیل کا کھانا نہیں کھاتے۔

دوصلہ رکھیے ...... شاید آپ کا نام صوبائی وزارت میں آ جائے!

یوم پاکستان کے موقعہ پر
ریڈیو پروگرام "رم جھم" کی خاص الخاص پیشکش
۱۳ اگست شام ۶½ سے ۸ بجے تک CJMR 1190 AM پر
آپکی میزبان تعزیئن حنا کو سننا نہ بھولیئے۔

THE NAME YOU HAVE LEARNED TO TRUST FOR

حلال گوشت

HALAL MEAT
spicetown

2210 DUNDAS STREET WEST
(Near Jami Mosque)
PHONE:(416)532-8267
(Free Delivery)

فرانس ایٹمی ری پراسیسنگ پلانٹ فروخت کرنے کے معاہدہ سے منحرف ہو گیا

پاکستان کو کم درجے کا پلانٹ دیا جاسکتا ہے جس سے پلوٹونیم تیار نہ ہوسکے

فرانسیسی ایلچی دوسری مرتبہ جنرل ضیاء الحق سے ملاقات کر چکا ہے۔ امریکی مخالفت مؤثر ثابت ہوئی

نئے سرے سے معاہدہ کرنے کے لیے پاکستان کو دوبارہ بات چیت کرنے کی پیشکش

اسلام آباد ——— [illegible]

پاکستان اپنے موقف پر قائم رہا مگر اب حکومت فرانس نے معاہدے پر نظرثانی کی درخواست کر دی ہے [illegible]

سری نگر میں شیخ عبداللہ اور مولوی محمد فاروق کے حامیوں میں شدید جھڑپ میں ایک سو افراد زخمی

سری نگر ——— [illegible]

Reconditioned cars from Japan

TOYOTA–DATSUN–MAZDA



We ship completely reconditioned cars directly from Japan duely inspected for export by the Japan Automobile Association under control of Japanese Govt.



You can now take a car home to Pakistan after 6 months stay or send gift to your family after two years.

In addition, we ship complete range of 220 volt 50 HZ electrical appliances like TVs, Refrigerators, Washing Machines, Air Conditioners, Sewing Machines etc direct to your homeland.



For more detail, please contact:

The most reputated name for personal export in North America



AALICE INTERNATIONAL
3240 Bloor St., W., Suite No.5A
Toronto, Ont. CANADA, M8X 1E4
Tel:(416)231-1766 & 791-8496

ولی خان افغانستان کے صدر ترکی سے ملاقات کا ارادہ نہیں رکھتے — بیگم ولی خان

کراچی ——— (پ پ) [illegible]

قومی اتحاد والوں کو حکومت میں شامل ہو کر نظام مصطفےٰ کا وعدہ پورا کرنا چاہیے

ہم نے قومی مفاد پر سیاسی مفاد کو قربان کر دیا ہے — خواجہ صفدر

وزیر آباد ——— (نامہ نگار) وفاقی وزیر زراعت و خوراک خواجہ محمد صفدر نے کہا ہے کہ [illegible]



[illegible]

کیپٹل ٹریول اینڈ کیپیٹل ٹریڈرز

IATA

ٹی وی، فریج اور کار وغیرہ کی مفت گائیڈ بک کے لیے

آج ہی فون کریں

FOR FURTHER INFORMATION CALL YOUR NEAREST OFFICE

Toronto: (416)465–5411
Windsor: (519)256–0654
Detroit: (313)963–3965
Columbus, Ohio.(614)457–3876

741 BROADVIEW AVE.
TORONTO, ONT. M4K 3Y3
Tel. 465-5411 465-5412

بیرون ملک پاکستانیوں نے ۲۲ ہزار دو سو کاریں وطن بھیجیں

کراچی ——— (اپ پ) گزشتہ ایک سال میں ۲۲ ہزار [illegible]

ایشیائی تارکین وطن نے نسل پرستوں کے حملوں کو روکنے کے لیے گروپ بنا لیے

برطانیہ میں تارکین وطن کے خلاف سفید فاموں کی کارروائیاں زور پکڑ گئیں

لندن ——— [illegible]

سیاسی سرگرمیوں پر عائد پابندیاں برقرار رہیں گی

کابینہ نے ... آئین میں ترمیم کی منظوری دے دی

قومی اسمبلی کی ... نشستوں میں ... اقلیتوں کے لیے بھی ہوں گی

[illegible]

بنگلہ دیشی مسلمان پاکستان کے نقش قدم پر چل کر اسلامی انقلاب لانا چاہتے ہیں

نوجوان غیر ملکی نظریات ٹھکرا چکے ہیں اور پاکستان سے قریبی تعلقات کے خواہاں ہیں: قمر الزمان

لاہور ——— (ہمارے نامہ نگار سے) اسلامی جمعیت طلبہ بنگلہ دیش کے ناظم اعلیٰ قمر الزمان نے کہا ہے کہ بنگلہ دیش کے مسلمان پاکستان کو صحیح معنوں میں اسلامی مملکت دیکھنے کے خواہشمند ہیں اور پاکستان کے نقش قدم پر چل کر بنگلہ دیش میں اسلامی انقلاب لانا چاہتے ہیں۔ مسٹر قمر الزمان نے جو اسلامی جمعیت طلبا علاقہ جنوبی کی پبلک پارٹی میں شرکت کے لیے پاکستان آئے ہیں کہا انشاء اللہ اب وہ دن دور نہیں کہ پاکستان میں اسلامی انقلاب کا پرچم لہرا رہا ہو گا۔ انہوں نے کہا کہ وہ دن دور نہیں جب بنگلہ دیش میں بھی اسلامی انقلاب برپا ہو گا اور ہم جب اپنے اور اُنہیں کے مشترکہ ... کرتے ہیں تو ہمیں یقین ہو جاتا ہے کہ بنگلہ دیش کا مقدر صرف اور صرف اسلام ہے۔ اور یہاں سوشلزم، کمیونزم یا کوئی اور ازم نہیں چل سکتا۔ انہوں نے کہا کہ بنگلہ دیش کی نئی نسل میں اسلام سے گہری محبت پائی جاتی ہے۔ وہاں کے طلبہ کی اکثریت اسلامی جماعت کے جھنڈے تلے جمع ہو رہی ہے اور وہاں کے طلبہ نے غیر ملکی نظریات کو ٹھکرا دیا ہے۔ بنگلہ دیش کے طلبا پاکستان کے ساتھ اچھے تعلقات کے خواہاں ہیں اور وہ چاہتے ہیں کہ معاشی، ثقافتی اور ... کے میدان میں ایک دوسرے سے اچھے تعلقات چاہتے ہیں۔ بنگلہ دیش کے طلبا چاہتے ہیں کہ پاکستان اور بنگلہ دیش کے درمیان ویزا کی پابندی ختم ہو جانی چاہیے۔ آخر میں انہوں نے کہا کہ میں پاکستان کے طلباء کے لیے بنگلہ دیش کے طلبا کی محبت اور خیر سگالی کا جذبہ لے کر یہاں آیا ہوں۔

[illegible]

مارشل لاء حکومت سے عدم تعاون قوم سے غداری کے مترادف ہے: چوہدری ظہور الٰہی

میں نے عوام کی خدمت کے لیے اپنا سیاسی کیریئر داؤ پر لگا دیا ہے

گجرات ——— (نمائندہ خصوصی) وفاقی وزیر چوہدری ظہور الٰہی نے کہا ہے کہ انہوں نے عوام کی خدمت کے لیے وزارت قبول کی اور اپنی تیس سالہ سیاسی زندگی کو داؤ پر لگایا ہے اور اگر عوام کی خدمت نہ کر سکا تو آئندہ انتخاب میں حصہ نہیں لوں گا۔ وہ آج جلالپور جٹاں میں شہریوں اور معززین کے ایک اجتماع سے خطاب کر رہے تھے۔ انہوں نے کہا کہ لوگوں کے حقیقی نمائندے منتخب ہو کر ہی آگے آتے ہیں اور عوامی مسائل کے حل کا صحیح راستہ انتخابات ہیں مگر قابل شرم بات ہے کہ تیس سال کے بعد بھی ہم مارشل لاء کے تحت زندگی گزار رہے ہیں۔ یہ سابقہ حکومت کا قصور ہے جس نے جمہوری اداروں کو ختم کر دیا۔ انہوں نے کہا انتخابات حصول مقصد کا ایک ذریعہ ہیں۔ آپ نے ایک مقصد کے حصول کے لیے قربانیاں دیں اور پاکستان بنایا تا کہ عزت، وقار اور انصاف والی زندگی بسر کر سکیں اور اسلام کے مطابق زندگی بسر کی جائے مگر تیس سال میں بھی اس مقصد میں نمایاں کامیابی حاصل نہیں ہوئی۔ انتخابات میں دھاندلیاں ہوتی رہیں۔ پچھلے دور میں ہوئیں اور اس سے پہلے بھی۔ انہوں نے کہا کہ قرطاس ابیض جو آپ کے سامنے آنے والا ہے آپ دیکھیں گے جو آج جلد انتخابات کا مطالبہ کر رہے ہیں انہوں نے ملک کے ساتھ غداری کی ہے اور تمام جمہوری اداروں کو ختم کر دیا ہے۔ انہوں نے کہا سیاسی سرگرمیوں پر پابندی میں کوئی ایسی بات نہیں کروں گا جو اس کے خلاف ہو۔ سیاست ایک عبادت ہے میں سیاست میں داخل ہوا تو میں بھی ایک گنہگار آدمی تھا مگر اللہ کی رحمت نے مجھے اس مقام پر پہنچا دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس حکومت کا ایک ادنیٰ وزیر ہوں یہاں سے پہلے بھی وزیر رہے ہیں۔ کوئی امر ... کسی کا اب کوئی نام نہیں لیتا۔ میری زندگی کو آپ جانتے ہیں مصائب کی ایک داستان ہے۔ میں نے اپنی سیاسی زندگی کو اس لیے داؤ پر لگایا ہے کہ ہم سمجھتے تھے کہ اگر ہم نے مارشل لاء حکومت سے تعاون نہ کیا تو یہ ملک اور غریب عوام سے غداری ہو گی۔

[illegible]

برمی حکومت جبراً نکالے گئے مسلمان مہاجرین کو واپس لینے پر آمادہ

بنگلہ دیش کے ساتھ باضابطہ معاہدہ پر دستخط ہو گئے

دو لاکھ بے خانماں افراد کی واپسی اگلے ماہ شروع ہو گی

ڈھاکہ ——— (اے پی پی) حکومت برما اپنے ملک سے نکالے گئے تمام مسلمانوں کو واپس لینے پر رضامند ہو گئی ہے۔ اس سلسلے میں دونوں ملکوں کے درمیان ... مہاجرین کی واپسی اگلے ماہ شروع ہو گی ... [illegible]

... کے تحت یہ بات بھی طے پا گئی ہے کہ دونوں ملکوں کی سرحدوں کی نشاندہی کا کام پھر سے شروع کیا جائے اور جہاں کہیں سرحدی نشانات کو نقصان پہنچا ہے ان کی درستی کی جائے۔

[illegible]

ترکستان کے علاقے میں سردار داؤد کے حامی قبائل پر شدید بمباری کی جا رہی ہے

چترال ——— (نامہ نگار) افغانستان کی نور محمد ترکئی کی حکومت سابق حکومت کے وفادار قبائل کو کچلنے کی کارروائی میں مصروف ہے۔ ... ترکستانی اور ... پناہ طالب علموں نے جو افغانستان سے بھاگ کر چترال پہنچے ہیں بتایا ہے کہ افغانستان کی نئی حکومت نے ترکستان کے علاقے ... اور ... کے علاقے پر شدید بمباری اور گولہ باری کی ہے جس سے وہ فرار ہونے پر مجبور ہو گئے۔ ترکستان میں ... اور ... سردار داؤد کے وفادار فوجی بھی ترکستانیوں کی مدد کر رہے ہیں ... [illegible]

پیرزادہ اور ممتاز بھٹو کو سپریم کورٹ میں اپیل دائر کرنے کی اجازت نہیں ملی

کراچی ——— (اے پی پی) سندھ ہائیکورٹ کے ایک ڈویژن بینچ نے سابق وفاقی وزرا مسٹر عبدالحفیظ پیرزادہ اور مسٹر ممتاز بھٹو کی اس درخواست کو مسترد کر دیا ہے جس میں انہوں نے مارشل لاء ضابطہ نمبر ۱۲ کے تحت اپنی نظربندی کے بارے میں سندھ ہائیکورٹ کے فیصلے کو سپریم کورٹ میں چیلنج کرنے کے لیے سرٹیفکیٹ کی استدعا کی تھی۔

Golden Mile گولڈن مائیل

CHEVROLET OLDSMOBILE

MOTORS LIMITED

گولڈن مائیل کی ۱۹۷۸ء ماڈل کی اپنی نمائشی گاڑیوں کی خاص کم قیمت سیل شروع ہے!

نئی یا پرانی گاڑیوں کی خرید کے لیے ہماری خدمات حاصل کیجیے۔

ANWAR SHAIKH

TELEPHONE: 759-2201 - AREA CODE 416

1897 EGLINTON AVENUE EAST, SCARBOROUGH, ONTARIO

Introduce

Crescent To A friend

بیرون ملک مقیم پاکستانیوں کی جانب سے موصول ہونے والی رقوم کی ترسیل، تقسیم کا نظام بہتر بنایا جا رہا ہے

زر مبادلہ کے نرخوں میں یکسانیت کیلئے رابطہ بنک مقرر کئے جائیں گے

دو سو روپے تک کے میل ٹرانسفر اور ڈرافٹس پر کمیشن نہیں لیا جائے گا

کراچی ——— (اپ پ) پاکستان بنکنگ کونسل نے چیف مارشل لاء ایڈمنسٹریٹر کی ہدایت کے مطابق بیرون ملک مقیم پاکستانیوں کی طرف سے بھیجی جانے والی رقوم کی ... کے لئے ... اقدامات کا اعلان کیا ہے ... رقوم کی ترسیل کا انتظام بہتر ہو جائے گا۔ [illegible]

[illegible]

پانچ مرلہ سکیم کے تحت پلاٹ الاٹ کرنے کا کام بھی اس عرصہ میں مکمل ہو جائے گا

شہری اور دیہی آبادی کو پینے کے پانی کی فراہمی کا مسئلہ چھ ماہ کے اندر حل کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے

اسلام آباد ——— (اپ پ) ... [illegible]

[illegible]

متنازعات مہیاز اور الفتح کی اشاعت بحال کرنے کا فیصلہ

اسلام آباد ——— (پی پی آئی) حکومت پاکستان نے تین اخبارات روزنامہ مساوات کراچی، ہفت روزہ معیار کراچی اور ہفت روزہ الفتح کراچی سے پابندی اٹھانے کا فیصلہ کیا ہے ... [illegible]

پاکستان ۱۰ تجارتی جہاز خریدے گا

کراچی ——— (اپ پ) پاکستان اگلے پانچ سال میں تقریباً دو ارب کے خرچ سے ۱۰ تجارتی بحری جہاز خریدے گا ... [illegible]

درآمدی اور برآمدی پالیسی میں انقلابی تبدیلیاں کی جائیں گی

بونس ووچر سکیم دوبارہ شروع نہیں کی جائے گی: زاہد سرفراز

راولپنڈی ——— (اپ پ) وفاقی وزیر تجارت مسٹر زاہد سرفراز نے کہا ہے کہ برآمدات میں اضافہ کرنے کے لئے ... [illegible]

دریائے جہلم کے کنارے آباد دیہاتیوں کو محفوظ مقامات پر منتقل ہونے کی ہدایت

سکھر سے سیلاب کا شدید ترین ریلا گزر رہا ہے

لاڑکانہ اور دادو کے حفاظتی بندوں کو سخت خطرہ پیدا ہو گیا

لاہور ——— (ریڈیو رپورٹ) ... [illegible]

جاوید ہاشمی تحریک استقلال سے علیحدہ ہو گئے

راولپنڈی ——— (اپ پ) تحریک استقلال کی رابطہ کمیٹی کے صدر مسٹر جاوید ہاشمی نے تحریک استقلال سے استعفیٰ دے دیا ہے ... [illegible]

حبیب جالب اور بعض صحافیوں کیخلاف مقدمات اشتعال انگیز تقریریں کرنے کا الزام

کراچی ——— (نمائندہ خصوصی) ... حبیب جالب اور کراچی کے کچھ صحافیوں پر مارشل لاء کے ضابطہ کے تحت مقدمہ قائم کر دیا گیا ہے ... [illegible]

چودھری ظہور الٰہی صرف ایک روپیہ ماہوار تنخواہ لیں گے

اسلام آباد ——— (اپ پ) وفاقی وزیر ... چودھری ظہور الٰہی ... [illegible]

میرے باپ یا ماں کو کچھ ہوا تو ہم کسی کو نہیں چھوڑیں گے

بھٹو کے بعد ان کی روح پاکستان کی وزیراعظم ہو گی: مرتضیٰ بھٹو

لندن ——— مسٹر بھٹو کے بیٹے میر مرتضیٰ بھٹو نے کہا ... [illegible]

اسلامی نظریاتی کونسل کا اجلاس

مولانا سید ابوالحسن ندوی نے خطاب کیا

کراچی ——— (اپ پ) اسلامی نظریاتی کونسل کا آج صبح یہاں اجلاس شروع ہوا ... [illegible]

اے پی پی کے ڈائریکٹر جنرل کا تقرر

اسلام آباد ——— (اپ پ) آج یہاں سرکاری طور پر بتایا گیا ہے کہ ... ایسوسی ایٹڈ پریس آف پاکستان ... [illegible]

ممتاز علی بھٹو کے فرار کی کوشش ناکام بنا دی گئی

... سابق وفاقی وزیر کے خلاف فوجی عدالت میں مقدمہ چلایا جائے گا

کراچی ——— (اپ پ) حکومت سندھ کے ایک ... [illegible]

روزہ

جسمانی و روحانی ظلمتوں سے نجات دلاتا ہے

حمید اصغر نجیب

اللہ تعالیٰ کا بے پایاں احسان ہے کہ رمضان المبارک کا مہینہ ہمیں رحمتیں سمیٹنے کا موقع دینے پھر آگیا ہے۔ بلاشبہ یہ اللہ تعالیٰ کی خصوصی رحمتوں کا مہینہ ہے۔ اور وہ لوگ یقیناً خوش قسمت ہیں جو اس مہینہ کے حقوق ادا کر کے اپنی زندگی کو خوشیوں کو سمیٹ لیتے ہیں۔

انسان جب اللہ تعالیٰ کی وحدانیت اور رسول اکرمؐ کی ختم المرسلینی کا اقرار کر کے حلقہ بگوش اسلام ہوتا ہے تو نماز اور زکوٰۃ کے علاوہ اس پر روزہ بھی فرض ہو جاتا ہے اگرچہ روزہ ہر عاقل و بالغ مسلمان مرد اور عورت پر فرض ہے لیکن بیماری یا لاغری کی حالت اور عورتوں کو ایام مخصوص یا زچگی کی حالت میں اسے روزہ قضا کرنے کی اجازت ہے تاہم اس کا معاملہ حج بیت اللہ کی طرح نہیں ہے کہ جو صاحب استطاعت افراد پر زندگی میں کم سے کم ایک بار فرض ہے بلکہ اس فرضیت ہر سال کے لئے ہے۔ اور جو شخص کسی شرعی عذر کی بنا پر کوئی روزہ ترک کرتا ہے۔ اسے رمضان المبارک کے بعد کسی بھی دن وہ روزہ قضا کر کے رکھنا پڑتا ہے لیکن یہ بات اپنی جگہ مسلّم ہے کہ جو شخص محض کسی سستی یا بلا شرعی عذر کے رمضان المبارک کا ایک روزہ بھی ترک کرتا ہے وہ چاہے ساری عمر قضا روزے رکھتا رہے رمضان المبارک کے اس ایک روزے جیسا اجر نہیں پا سکتا۔ دراصل روزہ اللہ تعالیٰ کی خوشنودی حاصل کرنے کا ذریعہ ہے۔ اگرچہ بعض اچھے کام کرنے کے لئے اچھے مقصد ہونے موجود ہیں لیکن روزہ ایک ایسا عمل ہے جس کے بارے میں ہادیٔ برحق محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم نے خود فرمایا ہے کہ روزہ کا اجر خود اللہ تعالیٰ ہیں۔ یعنی اس کا اجر بے حد و حساب ہے۔ روزہ رکھنے کا اجر جب خود اللہ تعالیٰ کی ذات ٹھہری تو واقعی تمام حدود خود بخود ختم ہو جاتی ہیں اور اصل روزہ ایک ایسی عبادت ہے کہ جس کا تعلق خالص اللہ سے ہے۔ ایک شخص صبح سویرے پو پھٹنے سے پہلے اٹھتا اور سحری کھا کر نماز فجر کی اذان کے ساتھ ہی روزہ رکھ لیتا ہے پھر جیسی ہوتی ہے وہ اپنے کام پر چلا جاتا ہے سارا دن محنت و مشقت کرتا ہے اور جب سورج غروب ہوتا ہے تو اللہ کا نام لے کر اللہ کے رزق سے روزہ افطار کرتا ہے۔ اس دوران وہ چھپ کر کھا پی سکتا ہے۔ محنت و مشقت سے جسم جواب دے دیتا ہے۔ وہ غذا استعمال کر سکتا ہے۔ کوئی آنکھ دیکھنے والی نہیں ہوتی لیکن وہ ایسا نہیں کرتا۔ اسے یہ احساس ہوتا ہے کہ اللہ تعالیٰ دیکھ رہا ہے۔ جب معاملہ یہ ہے اخلاص کے ساتھ اللہ تعالیٰ سے وابستہ ہو جائے تو ظاہر ہے اس کا اجر بھی اللہ تعالیٰ کی ذات ہی ہو سکتی ہے۔ یہ تو خیر روزہ دار کی اپنی بات تھی۔ رسول اللہ تو فرماتے ہیں کہ جو شخص کسی کا روزہ افطار کراتا ہے اسے بھی اتنا ہی ثواب ملتا ہے جتنا خود روزہ دار کو۔ پھر ایک اور جگہ رسول مقبولؐ نے ایک مسلم مالک کا ذکر کیا جو اپنے ملازم کو روزہ کی حالت میں آسانی مہیا کیا کرتا تھا۔ اور بتایا کہ اللہ تعالیٰ اسے جنت میں ایک ایسا خوبصورت و قیمتی آراستہ و پیراستہ سفید محل عطا کریں گے کہ عام جنتی اسے دیکھتے ہی رہ جائیں گے۔ اور پھر یہ بھی اخلاص ہی کی بات ہے کہ ایک یہودی نے ایک چھوٹے بچے کو صرف اس لئے تھپڑ مار دیا کہ اس نے رمضان المبارک کے دن کے وقت بازار سے گزرتے وقت کوئی چیز کھا لی اور جب رسول اکرمؐ کو علم ہوا تو آپ نے اس یہودی کو جنت کی خوشخبری دی اور وہ یہودی مسلمان ہونے کے بعد فوت ہوا۔

رمضان المبارک بلاشبہ اللہ تعالیٰ کی رحمتوں کا خزینہ ہے۔ اس خزانے سے جو شخص جتنا کچھ حاصل کرنا چاہے حاصل کر سکتا ہے۔ اس کا ایک ایک لمحہ بابرکت ہے اور اس میں شب قدر بھی آتی ہے۔ جس میں عبادت ہزار مہینوں کی عبادت سے بھی افضل ہے۔ اس طرح صدیاں قبل اگر انسان کی عمر کئی کئی سو برس ہوتی تھی اور وہ اسی طرح لمبی لمبی عمروں کی وجہ سے بہت سی عبادت بھی کرتے ہوں گے۔ اللہ تعالیٰ نے مسلمانوں کے لئے رمضان المبارک میں لیلۃ القدر عطا کر دی جس کی ایک رات کی عبادت ایک ہزار مہینوں کی مسلسل عبادت سے بھی بہتر ہے۔ پھر اس ماہ ہر نیک کام کی نیکی ... گنا زیادہ ملتی۔ بعض حالتوں میں ایک عام نیکی ... گنا اجر پاتی ہے۔ اسی طرح یہ مہینہ دوسرے مہینوں میں عددی اعتبار سے تو ایک مہینہ فقط ہے مگر باقی گیارہ مہینوں سے اعلیٰ و برتر ہے۔

رمضان المبارک کا مہینہ آگیا ہے کہ تو ہم جو ...

وہ اس بات کو تسلیم کر سکتے ہیں کہ جدید انسان کو طب کا اقرار کرنا پڑا۔ دین اسلام میں داخل ہوتا ہے تو وہ اصل ایک نظام حیات کو اپنا لیتا ہے پھر وہ نماز پڑھتا ہے تو اس کے بھی کچھ فوائد ہیں یعنی ایک انسان پانچ مرتبہ وضو کرتا ہے۔ وہ حسب ضرورت غسل بھی کرتا ہے اس طرح اس کا جسم صاف رہتا ہے پھر وہ نماز ادا کرتا ہے نماز پڑھنے کے عمل سے ایک طرح کی جسمانی کسرت ہوتی رہتی ہے جو جسم کے نظام کو فعال اور انسان کو چاق و چوبند رکھتی ہے۔ لیکن یہ روزہ کیا ہے؟ آخر اس کی فرضیت کیوں؟

واقعی روزہ کیوں فرض ہوا؟ اللہ تعالیٰ نے اپنی آخری کتاب قرآن مجید میں اس کا بار بار ذکر کیوں کیا! یہ ایک اہم سوال ہے۔ جب ہم اس بات کا جواب قرآن مجید سے تلاش کرتے ہیں تو دوسرے ہی پارہ کے چھٹے رکوع میں یہ آیت موجود ہے۔ ترجمہ "اے ایمان والو! تم پر روزہ فرض کیا گیا جس طرح کہ تم سے پہلے لوگوں پر فرض کیا گیا تھا تاکہ تم پرہیزگار (متقی) بن جاؤ۔" اس طرح اللہ تعالیٰ نے خود ہی یہ وضاحت فرما دی کہ مسلمانوں پر روزہ کوئی الگ فرض نہیں کیا گیا۔ بلکہ رسول اکرمؐ سے پہلے جو انبیاء کرام اس دنیا میں تشریف لائے اُن کی امتوں پر بھی روزہ فرض کیا گیا تھا۔ چنانچہ اللہ تعالیٰ کے اس فرمان کی روشنی میں جب ہم تاریخ کے اوراق کو کھنگالتے ہیں تو ہمیں پتہ چلتا ہے کہ حضرت آدم علیہ السلام ہر ماہ کی ۱۳، ۱۴ اور ۱۵ تاریخ کو روزہ رکھا کرتے تھے۔ ان کے بعد حضرت نوح علیہ السلام کا دور آیا۔ ان کے بارے میں یہ روایت موجود ہے کہ وہ ہر روز روزہ رکھا کرتے تھے۔ پھر حضرت داؤد علیہ السلام کا دور دنیا میں آیا۔ ان کے بارے میں یہ روایت موجود ہے کہ وہ ہر دوسرے دن روزہ رکھتے تھے۔ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے بارے میں یہ روایت موجود ہے کہ وہ ایک دن روزہ رکھتے۔ اور دو دن روزہ ترک کرتے پھر روزہ رکھتے اور دو دن روزہ نہ رکھتے تھے۔ گویا انبیاء کرام کے مختلف ادوار کے بارے میں تاریخی بیان ہی یہ بات ثابت کرتی ہے کہ گزشتہ ہر دور میں روزہ ہوتا تھا۔ فرق صرف یہ ہے کہ آخری نبی محمد مصطفیٰ تشریف لائے تو سال میں پورا ایک ماہ اس مقصد کے لئے متعین کر دیا گیا۔ جب کہ اس سے قبل اس کے دن اور وقت مختلف ہوتے تھے۔ چنانچہ آج کی ترقی یافتہ دنیا میں بھی مختلف مذاہب کے لوگ اپنے اپنے عقیدہ کے مطابق روزہ رکھتے ہیں۔ ان کے انداز اور شکلیں بہرحال مختلف ہیں۔ اس طرح یہ بات ثابت ہو گئی کہ روزہ کوئی نئی چیز نہیں بلکہ جب سے نوعِ انسانی کا آغاز ہوا روزہ فرض رہا ہے۔

یہ تو خیر معاملہ تھا روزہ کی فرضیت کا۔ کہ یہ کوئی نئی بات نہیں ہے بلکہ حضرت آدم علیہ السلام سے لیکر حضرت محمد مصطفیٰ تک ہر دور میں روزہ فرض رہا۔ اصل سوال یہ ہے کہ روزہ فرض کیوں کیا گیا۔ ظاہر ہے اللہ تعالیٰ کا کوئی کام حکمت سے خالی نہیں ہے ہم ایسے کم فہم لوگ جب کسی معاملہ کے ادراک میں عاجز آجاتے ہیں تو اسے خلافِ عقل قرار دے دیتے ہیں حالانکہ اللہ تعالیٰ کے وہ امور جو ہماری سمجھ میں نہیں آتے خلافِ عقل نہیں بلکہ ماورائے عقل ہوتے ہیں۔ اب قرآن مجید کی جس آیت کا اوپر نقل کیا گیا ہے اس میں خود اللہ تعالیٰ ہی نے روزہ کی غایت یہ بیان کی ہے "تاکہ تم متقی بن جاؤ" لفظ تقویٰ کے لغوی اور اصطلاحی معانی اس کے سوا کچھ نہیں کہ انسان اللہ تعالیٰ سے ڈرنے والا ہو۔ اسے اللہ تعالیٰ کے محاسبہ کا خوف ہو۔ اسی لئے لفظ متقی کا ترجمہ پرہیزگار کیا گیا ہے۔

متقی صرف ایسے شخص کو کہا جا سکتا ہے جو اپنے دل میں اللہ کے محاسبہ کا خوف رکھتا ہو۔ جب ایک انسان کے دل میں اللہ تعالیٰ کا خوف پیدا ہوتا ہے تو اسے اپنے سے کم تر لوگوں سے محبت اور ہمدردی پیدا ہو جاتی ہے کیونکہ جب وہ خود کمتر درجے کے لوگوں سے محبت اور ہمدردی کرنے لگا صرف اسی صورت میں اپنے سے بلکہ ہر چیز سے اعلیٰ تر یعنی اللہ تعالیٰ کی محبت اور ہمدردی حاصل کر سکے گا۔ یونہی انسان جب روزہ رکھتا ہے۔ سارا دن صرف اللہ تعالیٰ کی رضا کے لئے بھوکا پیاسا رہتا ہے تو اسے یہ احساس ہوتا ہے کہ جو لوگ ذرائع کی کمی کے باعث بھوک کے پیاسے رہتے ہیں۔ ان پر کیا گزرتی ہے۔ یہ ابتدائی بات ہے۔ متقی ہونے پر ہر انسان میں محنت و مشقت کی عادت بھی پیدا ہوتی ہے وہ حرام کی کمائی کو ہی سب کچھ نہیں سمجھ سکتا بلکہ صحیح بات یہ ہے کہ جب ایک انسان کے دل میں اللہ تعالیٰ کا خوف داخل ہو جاتا ہے



تو تساہل و کسل مندی چھوڑ کر وہ خود بخود محنت و مشقت کی طرف راغب ہوتا ہے۔ روزہ کی حالت میں محنت و مشقت بہت ہی عجیب تجربہ ہے اور انسان میں حقیقی طور پر انسانی جذبات کو موجزن کرتی ہے۔ تیسری اہم بات جو روزہ سے انسان میں پیدا ہوتی ہے وہ راست گوئی اور پاکبازی ہے۔ روزہ کی حالت میں جھوٹ بولنا روزہ کو غارت کرنے کے مترادف ہے کیونکہ خود رسول اکرمؐ نے واضح طور پر فرمایا ہے کہ جو شخص جھوٹ بولنا اور اس پر عمل کرنا ترک نہ کرے۔ اس کا کھانا پینا ترک کر دینا اللہ تعالیٰ کے لئے کوئی حیثیت نہیں رکھتا۔ (بخاری شریف)

اب جو شخص جھوٹ بولتا نہیں اور جھوٹ پر عمل نہیں کرتا۔ اس کی زندگی کے کیا کہنے۔ وہ تو بلاشبہ بڑی ہی پاکیزہ زندگی بسر کرتا ہے۔ ظاہر ہے جو شخص متقی ہو گا یعنی اپنے اعمال کے لئے خود کو اللہ تعالیٰ کے ہاں جوابدہ سمجھے گا۔ وہ جھوٹ کو ترک کر دے گا اور جھوٹی باتوں پر عمل نہیں کرے گا۔ یہ گویا روزہ رکھنے کا تیسرا منطقی فائدہ تھا۔ روزہ کا چوتھا مقصد انسان کے اندر اللہ تعالیٰ کی نعمتوں کی قدر و منزلت پیدا کرنا ہے۔ اللہ تعالیٰ انسان کے لئے ساری کائنات اور اس میں رنگا رنگ کی نعمتیں پیدا کی ہیں۔ روزہ کی حالت میں انسان نماز فجر سے لے کر نماز مغرب تک کچھ کھا پی نہیں سکتا۔ وہ اپنی آنکھوں سے طرح طرح کے پکوان دیکھتا ہے۔ کیسے کیسے لذیذ سالن تیار ہوتے ہیں۔ کہیں پلاؤ ہے تو کہیں قورمہ کہیں چٹنی ہے تو کہیں بریانی، کہیں روسٹ مرغ ہیں اور کہیں تلی ہوئی مچھلی۔ پھر سالن ہی کیا طرح طرح کے پھل ہیں۔ آم، سیب، خوبانی، بہی، انار، لیچی، امرود، آڑو، تربوز، خربوزہ کیا کچھ نہیں، پھر مٹھائیاں ہیں۔ رس ملائی سے لے کر موتی چور کے لڈو تک اور طرح طرح کے مشروب ہیں۔ انسان کیسے کیسے دل لبھانے والے سامان دیکھتا ہے پھر خود کو ان سے الگ رکھتا ہے۔ ان تمام نعمتوں سے بالاتر اللہ تعالیٰ کا انسان کے لئے پیدا کردہ سب سے خوبصورت، سب سے لذیذ تر اور سب سے زیادہ دل لبھانے والا تحفہ عورت ہے۔ کتنی عجیب بات ہے کہ روزہ کی حالت میں انسان اپنی بیوی اور عورت اپنے محبوب خاوند کے حقیقی قرب سے بھی محروم رہتی ہے۔ اس طرح جب انسان روزہ کی حالت میں ہوتا ہے تو اسے صحیح معنوں میں اللہ تعالیٰ کی پیدا کردہ نعمتوں کی حقیقی قدر و منزلت معلوم ہوتی ہے۔ روزہ کا پانچواں فائدہ یہ ہے کہ انسان کے اندر آخرت کا یقین کامل پیدا ہوتا ہے۔ انسان کو صحیح طور پر محسوس ہوتا ہے کہ ایک دن اس نے مرنا ہے اور پھر زندہ ہونا اور میدان حشر میں اللہ تعالیٰ کے ہاں اپنے ہر عمل کے لئے جوابدہ ہونا ہے۔ اس طرح ایک روزہ دار کا آخرت پر یقین، یقین کامل بن جاتا ہے۔ بلاشبہ جب انسان میں آخرت میں محاسبہ کا حقیقی احساس پیدا ہو جاتے تو وہ متقی اور پرہیزگار بن جاتا ہے۔ اور اس طرح خود اللہ تعالیٰ کے الفاظ میں "روزہ اس لئے فرض کیا گیا تاکہ تم متقی بن جاؤ۔" اپنے معانی کے اعتبار سے کھل کر سامنے آجاتا ہے۔

قرآن مجید اور حدیث شریف کا مطالعہ کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ روزہ دراصل انسان کے لئے مشق کا ایک مہینہ ہے۔ اللہ تعالیٰ نے روزہ کے لئے قرآن مجید میں لفظ صوم استعمال کیا ہے۔ لفظ صوم کے لغوی معنی رک جانا۔ کسی چیز سے منع ہو جانا اور کسی بات کو ترک کر دینا ہے۔ اس طرح جب انسان صوم (روزہ) سے ہو تو اس کے اصطلاحی معنی یہ ہیں کہ وہ برائیوں سے رک جاتا ہے۔ وہ جھوٹ نہیں بولتا۔ فریب نہیں دیتا۔ ظلم نہیں کرتا۔ کسی کا حق نہیں مارتا۔ کم نہیں تولتا۔ زیادتی نہیں کرتا، محنت سے جی نہیں چراتا، حرام نہیں کماتا۔ اللہ تعالیٰ کے احکام سے روگردانی نہیں کرتا۔ رسول اکرمؐ کے فرمان کی خلاف ورزی نہیں کرتا۔ اس طرح ایک روزہ دار روزہ (صوم) کا حقیقی معنی پر حق ادا کرتا ہے۔ اب تو رسول اکرمؐ کا یہ فرمان کہ رمضان میں جنت کے دروازے کھول دیئے جاتے ہیں اور جہنم کے دروازے بند کر دیئے جاتے ہیں تو ظاہر ہے جو شخص روزہ کے حقوق ادا کرے گا اور برائیوں سے رک جائے گا۔ اس کے لئے جنت کے دروازے کھل جائیں گے اور جہنم کے دروازے بند ہو جائیں گے پھر چونکہ روزہ ایک خود الگ اور منفرد عبادت ہے۔ اور اللہ تعالیٰ نے خود کو اس کا اجر قرار دیا ہے۔ اس لئے اللہ تعالیٰ نے اپنے ان خاص بندوں کے لئے جنت کے آٹھ میں سے ایک دروازہ مخصوص کر دیا ہے۔ ریان جنت کا وہ دروازہ ہے جس میں سے صرف روزہ دار ہی گزریں گے روزہ کے سلسلے میں اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید میں روزوں کے مہینہ کے لئے لفظ رمضان استعمال کیا ہے۔ لفظ رمضان کے لغوی معنی جلا ڈالنا ہے اور اس کے اصطلاحی معنی یہ ہیں کہ جو شخص رمضان المبارک کا حق ادا کرتا ہے۔ اس کے تمام گناہ جل جاتے ہیں۔ اور وہ عید الفطر کے مبارک دن ایسے ہو جاتا ہے گویا آج ہی ماں کے پیٹ سے پیدا ہوا ہے۔ اس طرح یہ بات واضح ہو جاتی ہے کہ روزہ انسان کے جسم کو بیماریوں سے پاک کرتا اور روح کو پاکیزگی عطا کرتا ہے اور اس طرح فی الحقیقت رمضان المبارک انسان کو گیارہ ماہ کی جسمانی اور روحانی ظلمتوں سے نجات عطا کرتا ہے۔ روزہ انسان کو صحیح معنوں میں انسان بنا دیتا ہے۔ یہی روزہ کا فلسفہ اور مفہوم ہے۔ اللہ تعالیٰ ہمیں روزہ کے حقوق ادا کرنے کی توفیق عطا کریں۔ آمین۔

روسی دستور میں مسلمانوں کو مذہبی آزادی کی ضمانت دی گئی ہے

۵ کروڑ روسی مسلمان باقاعدگی سے مذہبی فرائض انجام دیتے ہیں: مفتی ضیاء الدین بابا خانوف

کراچی ۵ —— (پ پ ا) روسی حکومت نے تمام اقلیتوں کو یہ دستوری تحفظ دے رکھا ہے کہ وہ اپنے مذہب پر قائم رہیں اور اس پر عمل کرتے رہیں۔ ان خیالات کا اظہار روسی وفد کے قائد شیخ مفتی ضیاء الدین بابا خانوف نے پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا روس میں ایک سو کے قریب قومیں ہیں۔ انہیں مذہبی فرائض سر انجام دینے کی مکمل آزادی ہے مسلمان اور غیر مسلموں کو روس میں یکساں حقوق حاصل ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ۱۹۲۱ء میں ایک قانون اقلیتوں کے لئے منظور کیا گیا۔ جس کے تحت اقلیتوں کو اپنے مذہب پر قائم رہنے کی اجازت تھی بعد ازاں اسے روسی دستور میں شامل کر لیا گیا۔ ایک سوال کے جواب میں انہوں نے کہا دستور کی شق نمبر ۵ کے تحت اقلیتوں کے کسی بھی طبقے کے ساتھ کسی قسم کا امتیازی سلوک نہیں کیا جا سکتا۔ انہوں نے بتایا کہ ہمارے ملک میں لاکھوں مسلمان ریاست کی مداخلت کے بغیر آزادانہ نماز ادا کرتے ہیں۔ روس میں مذہب کو ریاست سے الگ کر دیا گیا ہے۔ اس لئے ریاست اقلیتوں کے مذہبی امور یا مذہبی اداروں میں کسی قسم کی مداخلت نہیں کرتی۔

روس میں مسلمانوں کی تعداد کے بارے میں ایک سوال کے جواب میں مفتی صاحب نے کہا کہ غیر ملکی اداروں کے شمار کے مطابق تعداد میں کچھ فرق ہے۔ تاہم مسلمان ۵ کروڑ سے ۷ کروڑ تک ہیں۔ سوویت یونین کی متعدد ریاستوں کے مطابق مسلمانوں کی تعداد ۵ کروڑ ہے۔ انہوں نے یہ بھی بتایا کہ ملک میں مذہبی ادارے آزادانہ کام کرتے ہیں اور مسلمان بچوں کو مذہبی تعلیم دی جاتی ہے۔ انہوں نے اس امر کی تردید کی کہ روس میں کوئی مسجد مقفل ہے۔ مفتی صاحب نے بتایا کہ تاشقند میں ۱۲ بڑی اور ایک سو چھوٹی مسجدیں ہیں۔ سمرقند اور بخارا میں بھی مساجد کی تعداد کم و بیش اتنی ہی ہے۔

ایک سوال کے جواب میں مفتی ضیاء الدین بابا خانوف نے بتایا کہ سوویت یونین میں چار بہت بڑی لائبریریاں ہیں۔ جہاں اسلام کے بارے میں تحقیق و جستجو کی جاتی ہے اور کتابیں شائع کی جاتی ہیں۔ ان لائبریریوں کی اپنی اپنی مطبوعات بھی ہیں۔ جن میں اسلام پر فارسی، عربی، اردو اور ترکی زبان میں ۲۵ ہزار کتابیں ہیں اور تین ہزار قدیم نسخے بھی ہیں۔ انہوں نے یہ انکشاف بھی کیا کہ قدیم نسخوں میں وہ قرآن مجید بھی ہے جو حضرت عثمانؓ کے دور خلافت میں لکھا گیا۔

ان سے یہ پوچھا گیا کہ سوویت یونین سے کس قدر مسلمان حج بیت اللہ کی سعادت حاصل کرنے کے لئے مکہ مکرمہ جاتے ہیں انہوں نے جواب دیا کہ سردست ان کی تعداد کم ہے کیونکہ سعودی عرب کے ساتھ روس کے سفارتی تعلقات نہیں ہیں۔ تاہم انہوں نے کہا کہ انہوں نے رابطہ عالم اسلامی سے درخواست کی ہے کہ وہ سعودی عرب کی حکومت سے روسی طیارے کو مسلمان زائرین کو حج کے دنوں میں مکہ معظمہ لانے لے جانے کی اجازت دلائے۔

شیخ مفتی ضیاء الدین بابا خانوف نے اپنے سابق حالیہ دورہ پاکستان کا بھی ذکر کیا اور کہا کہ انہیں عظیم پاکستانی مسلمانوں کو آزادانہ اپنے مذہبی فرائض انجام دیتے دیکھ کر بڑی خوشی ہوئی۔

روسی مفتی نے جنرل ضیاء الحق کو اسلامی کانفرنس منعقد کرنے پر بے حد مبارکباد دی۔ اور کہا کہ اس سے مسلمانوں میں اتحاد پیدا ہو گا یقین ہے۔



گجرات: —— ریاستہ خصوصی یادگار ... معلوم ہوا ہے کہ ... حکومت نے ... پاکستان میں ... کا کام جلد مکمل کر لیا جائے گا۔

گروسری دیسی سبزیاں - مسالہ جات

تازہ حلال گوشت

بازار سے مقابلتاً سستے داموں ہم سے طلب فرمائیں

Tel. 762-1633

ALFLAH GROCER

2774 Dundas St. West

Toronto, Ont.

بِسمِ اللهِ الرَّحمٰنِ الرَّحِیم

شمالی امریکہ میں اردو کا سب سے پہلا اور کثیر الاشاعت اخبار

پندرہ روزہ **کریسنٹ** انٹرنیشنل

ٹورانٹو کینیڈا

جلد: ۷ | ۲۶ شعبان ۱۳۹۸ھ | یکم اگست ۱۹۷۸ء | شمارہ: ۱۰

بیگم — اب تو وزیروں نے بھی نئے کپڑے سلانے میں بچت کا اعلان کیا ہے۔ آپ کم از کم ۵ جوڑے کی کمی کر دیں

پیر پگارہ کو صدر مملکت کے عہدے کی پیشکش۔ اعلان ماہ رواں کے آخر تک کر دیا جائے گا

موجودہ صدر کے عہدے کی مدت ۱۴ اگست کو ختم ہو رہی ہے

مسلم لیگ کے حلقے پیر صاحب پر پیشکش قبول کرنے کیلئے زور دے رہے ہیں

لاہور — نمائندہ سٹاف رپورٹر سے، پاکستان مسلم لیگ کے سربراہ پیر صاحب پگارہ کو صدر مملکت کی ذمہ داریاں سنبھالنے کی پیشکش کی گئی ہے اور اس بات کا واضح امکان ہے کہ وہ آئندہ صدر مملکت ہوں گے۔ مسلم لیگ کے باوثوق ذرائع نے آج یہاں اس بات کی تصدیق کی ہے کہ پیر صاحب پگارہ کو صدر کے عہدے کی پیشکش کی گئی ہے تاہم پیر صاحب نے ابھی تک اس بارے میں کوئی فیصلہ نہیں کیا ہے۔

صدر مملکت فضل الٰہی چودھری ۱۴ اگست کو عہدہ صدارت سے الگ ہو جائیں گے

خرابی صحت اور بعض دیگر وجوہ کی بنا پر انہوں نے صدارت سے سبکدوش ہونے کا اعلان کر دیا ہے

راولپنڈی — ذرائع کے مطابق، انتہائی باخبر ذرائع سے معلوم ہوا ہے کہ صدر پاکستان فضل الٰہی چودھری نے مارشل لاء انتظامیہ کو آگاہ کر دیا ہے کہ وہ ۱۴ اگست جس روز ان کے عہدے کی پانچ سالہ میعاد پوری ہو رہی ہے کے بعد صدر کی حیثیت سے …

سیاست دانوں کی فہرست … انتخابی حلقوں اور ووٹروں کی نئی فہرستوں کی تیاری … شروع کر دیا گیا ہے …

وزراء نے اردو میں حلف اٹھایا

Please subscribe to the Crescent, a Pakistani English/Urdu Newspaper in regular print for the last 7 years.

SUBSCRIPTION RATES:

- ☐ 1 Year .... $ 8.00
- ☐ 2 Years $14.00
- ☐ 6 Months .... $ 5.00

Please make cheques payable to "Crescent"

پندرہ روزہ کریسنٹ انٹرنیشنل

Crescent
338 Hollyberry Trail
Willowdale, Ontario
Canada M2H 2P6
Telephone: (416) 493-4374

Name..

Address..

....

Postal Code...................................

Telephone No. ....

تحریک استقلال ملکی سیاست میں مؤثر حزب اختلاف کا کردار ادا کرے گی: اصغر خان

حکومت نے جمہوری اداروں کی ضرورت کا احساس نہیں کیا

سیاسی سرگرمیوں پر سے پابندی ہٹائی جائے۔ موجودہ وزراء انتخابات سے تین ماہ پہلے مستعفی ہو جائیں

راولپنڈی — (نمائندہ خصوصی) تحریک استقلال نے ملکی سیاست میں ایک مؤثر حزب اختلاف کا کردار ادا کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ اس فیصلے کا اعلان تحریک کے سربراہ اصغر خان نے مرکزی مجلس عاملہ کے دو روزہ اجلاس کے بعد ایک پریس کانفرنس میں کیا۔ انہوں نے کہا تحریک نے کافی غور و خوض کے بعد یہ فیصلہ کیا ہے کہ ملک کے موجودہ سیاسی حالات کے پیش نظر خصوصاً ملکی استحکام اور عوام کو ان کے جمہوری حقوق دلانے کے لئے ایک مؤثر حزب اختلاف کی سخت ضرورت ہے اور تحریک استقلال آج سے اس کام کو پورا کرے گی۔

مسٹر اصغر خان نے مرکزی کمیٹی کے اجلاس کے فیصلوں کا اعلان کیا۔ انہوں نے بتایا کہ مرکزی کمیٹی کافی غور کے بعد اس نتیجے پر پہنچی ہے کہ حکومت حالات کی سنگینی کا جائزہ لینے …

پانچسالہ منصوبے کے اہم نکات

اسلام آباد — (رپ پ) پانچویں پنجسالہ منصوبہ کے ترقیاتی پروگراموں میں زراعت پانی اور بجلی کے شعبوں کو اولیت دی گئی ہے …